www.saharaexpressdaily.com saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com ● saharaexpresspatna1@gmail.com

Urdu Daily Published From
Patna, Ranchi & Delhi



روزنامہ
پٹنہ
# سہارا ایکسپریس
SAHARA EXPRESS,PATNA

No-1 SE

RNI.NO.BIHURD/2011/37805 Vol:14 Issue:170 26.06.2024 **WEDNESDAY** Re.01 Page:08

جلدنمبر:14 شمارہ:170/بدھ/۲۶/جون/۲۰۲۴/مطابق/۱۹/ذی الحجہ/۱۴۴۵ھ/ صفحات:08

Rayn Tours

TURKEY + UMRAH
TURKEY 6 DAYS/UMRAH 10 DAYS
FLIGHTS : BOM/IST/JED/BOM
ALL INCLUSIVE 1,92,786
IATA

TURKEY
PACKAGE INCLUSIONS:
- VISA + INSURANCE
- 4' HOTELS
- AIRPORT TRANSFERS (PRIVATE)
- TOUR GUIDE
- SIGHTSEEING
- TOPKAPI PALACE(HEAVEN ON EARTH)
- HAZRAT AYUB (ONE OF THE BEST SAHABIS )
- HOGIA SOPHIA ( ONE OF THE BEST MOSQUE )
- BLUE MOSQUE
- ERTUGRUL GAZI TOMB ( BEST OF KINGS )
- OSMAN GAZI TOMB ( BEST OF SULTAN )
- ERTUGRUL GAZI MOVIE SET WITH LUNCH

UMRAH
- MECCA HOTEL :SAIF AL MAJD HOTEL OR SIMILAR
- MADINA HOTEL : HAKEEM TOWER
- VISA + INSURANCE
- ALL PRIVATE TRANSFERS
- 1 DAY MECCA ZIYARATE
- 1 DAY MADINA ZIYRATE

CALL NOW

Address:- Suraj Nagar,Thakurpada Dahisar,Mumbra, Thane Mumbai, Maharashtra. 400612
+91 8070550786
+91 8126997812
+966 550821076 (MAKKAH)
+91 7400265507

Gyarveen 2024
Ziyaarath & Baghdad
Rayn Tours
1111 Guests
10 DAYS PACKAGE
غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی
INR 105786/-
02 NIGHTS NAJAF
02 NIGHTS KARBALA
05 NIGHTS BAGHDAD
INR 151786/-
10 DAYS IRAQ +10 DAYS UMRAH
MD Tanweer Alam Noori
+91 8126997812/ +91 8070550786
Abu Shama (Nehal Ahmad Noori)
+966 550821076(Makkah) +91 7400265507
Flight + Hotels+Visa+ Indian Meals+All Ziyarath
Mehafil E Samaa
Mehafil E Naath
Mehafil E Manqabat
Mehafil E Bayan
53 Ziyarath with islamic scholors
5 Night Mecca
5 Night Medina
Umra Visa
All Meals.
All Transfers in Ac Bus
Mecca Ziyarath
Medina Ziyarath
IATA
ADD " SURAJGANAR THAKURPADA DAHISAR MUMBRA THANE MUMBAI,MAHARASHTRA 400612
CONTACT FOR HAJJ AND UMRA AND INTERNATIONAL TOURS
Approved by Ministry of Tourism , Govt of India

Rayn Tours
IATA
UMRA 2024
INR 72786/- 14 DAYS PACKAGE
INR 85786/- 20 DAYS PACKAGE
INR 107786/- 30 DAYS PACKAGE
Package Inclusive of:
BOM/JED/BOM
UMRA VISA
AC BUS TRANSPORT
3 INDIAN MEALS DAILY
ZIYARATH MAKKAH AND MEDINA
GUIDANCE BY ULEMMA
MECCA HOTEL SAIF AL MAJD
MEDINA HOTEL HAKEEM 5
Booking Amount 5000/-
INC,AIRFARE &TAX
Departure at your own Date
Departure Begins: EVERY MONTH
IMMEDIATE TICKETS, IMMEDIATE HOTEL BOOKING, IMMEDIATE VISA
NO WAITING
NO SCHEMES
NO INSTALMENTS
MAKE YOUR OWN GROUP FOR SMALL AND BIG FAMILIES SUNNI MUALLIM GUIDANCE
SURAJ NAGAR THAKUR PADA DAHISAR MUMBRA THANE MUMBAI ,MAHARASHTRA .400612.
+91 8070550786
+91 8126997812
+966 550821076(Makkah)
+91 7400265507
DUBAI+ UMRAH//TURKEY + UMRAH//EGYPT + UMRAH //OMAN + BAGHDAD

Rayn Tours
Tanweer Alam Noori
+918126997812
+918070550786

# کیجریوال کو نہیں ملی راحت، ای ڈی کی عرضی منظور



نئی دہلی، 25 جون (یو این آئی) دہلی ہائی کورٹ نے منگل کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کی جانب سے ایکسائز پالیسی سے متعلق مبینہ منی لانڈرنگ کیس کے ملزم وزیر اعلی اروند کیجریوال کو خصوصی عدالت کی طرف سے دی گئی ضمانت کو معطل کرنے کی درخواست کو منظور کرلیا جسٹس سدھیر کمار جین کی تعطیلی بنچ نے کہا" ای ڈی کی طرف سے (خصوصی عدالت کے ذریعے کیجریوال کو دی گئی ضمانت منسوخ کرنے سے متعلق ) دائر درخواست کو منظور کرلیا ہے۔

سنگل بنچ نے کہا کہ (خصوصی تعطیلاتی عدالت ) کی جج نے شراب پالیسی کے مبینہ گھوٹالہ کیس میں ریکارڈ پر موجود مواد پر صحیح طریقے سے غور نہیں کیا۔

ہائی کورٹ نے کہا کہ ٹرائل کورٹ کی طرف سے یہ مشاہدہ کہ بہت زیادہ مواد پر غور نہیں کیا جا سکتا مکمل طور پر غیر ضروری ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس نے مواد پر اپنا ذہن نہیں لگایا ہے۔

بنچ نے یہ بھی کہا کہ تعطیلی جج کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی درخواست ضمانت پر بحث کرنے کا مناسب موقع دیا جانا چاہئے۔

سپریم کورٹ نے 24 جون کو کیس کی سماعت کی تھی اور اگلی سماعت کے لیے 26 جون کی تاریخ مقرر کی تھی۔

سپریم کورٹ نے پیر کو دہلی ہائی کورٹ کے عبوری اسٹے (21 جون کے فیصلے پر) کو تھوڑا غیر معمولی قرار دیا تھا اور کیس کی سماعت 26 جون تک ملتوی کردی تھی۔

جسٹس مشرا اور جسٹس ایس وی این بھٹی کی تعطیلی بنچ نے متعلقہ فریقوں کے دلائل سننے کے بعد کہا تھا کہ اگر اس دوران ہائی کورٹ اس معاملے میں کوئی حکم دیتا ہے تو اسے ریکارڈ پر لایا جا سکتا ہے۔ تاہم بنچ نے کہا کہ ہائی کورٹ کا حکم 'تھوڑا غیر معمولی' تھا کیونکہ عام طور پر کوئی بھی حکم امتناعی سماعت کی تاریخ پر دیا جاتا ہے۔ دہلی ہائی کورٹ نے 21 جون کو ای ڈی اور سی بی آئی کی خصوصی عدالت کے ذریعے مسٹر کیجریوال کو 20 جون کو ضمانت دینے کے حکم پر عبوری حکم امتناعی جاری کیا تھا۔

ہائی کورٹ کے جج جسٹس سدھیر کمار جین کی تعطیلاتی سنگل بنچ نے دونوں فریقوں کے دلائل کو تفصیل سے سننے کے بعد مسٹر کیجریوال کی ضمانت پر عبوری روک لگا دی اور کہا کہ اس معاملے میں تفصیلی حکم اگلے دو سے تین دن میں دیا جائے گا۔ اس دوران نچلی عدالت کے حکم پر عبوری روک جاری رہے گی۔ سنگل رکنی بینچ کے جج نے کہا تھا میں دو سے تین دن کے لیے آرڈر محفوظ کر رہا ہوں۔" نچلی عدالت کے حکم پر عمل درآمد حکم کے اعلان تک روک دیا گیا ہے۔" ہائی کورٹ کی سنگل بنچ نے دونوں فریقوں سے کہا تھا کہ وہ 24 جون کو تحریری طور پر اپنے اپنے خیالات پیش کریں۔

راؤز ایونیو میں واقع ای ڈی اور سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) کی تعطیلی جج نیائے بندو نے 20 جون کو دیر شام کیجریوال کو بڑی راحت دیتے ہوئے ضمانت دی تھی۔ لیکن اس حکم کے خلاف ای ڈی نے اگلے دن 21 جون کو دہلی ہائی کورٹ سے رجوع کیا اور فوری سماعت کی درخواست کی۔ ہائی کورٹ کے سامنے ای ڈی کی طرف سے دلیل پیش کرتے ہوئے ایڈیشنل سالیسٹر جنرل ایس وی راجو نے ملزم وزیر اعلی کیجریوال کی رہائی پر روک لگانے کی درخواست کی اور، یہ دعوی کرتے ہوئے کہ متعلقہ نچلی عدالت نے انہیں (ای ڈی) کو اپنا موقف پیش کرنے کا وقت نہیں دیا، درخواست کی فوری سماعت کی گزارش کی۔ ہائی کورٹ کے سامنے مسٹر راجو نے کہا تھا میں فوری طور پر روک لگانے کا مطالبہ کر رہا ہوں۔ یہ حکم کل (جمعرات 20 جون) رات 8 بجے سنایا گیا۔ آرڈر ویب سائٹ پر اپ لوڈ نہیں کیا گیا ہے۔ "ہمیں (کیجریوال کی) ضمانت کی مخالفت کرنے کا واضح موقع نہیں دیا گیا۔" خصوصی عدالت نے مسٹر کیجریوال اور مرکزی تفتیشی ایجنسی انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کی دو دن تک دلائل سننے کے بعد جمعرات 20 جون کی دیر شام ضمانت کا حکم جاری کر دیا۔ عدالت نے ایک لاکھ روپے کے ذاتی مچلکے پر ان کی (کیجریوال کی) رہائی کا حکم دیا تھا۔ عام آدمی پارٹی کے رہنما کیجریوال کو ای ڈی نے 21 مارچ کو گرفتار کیا تھا۔ اس وقت وہ عدالتی حراست میں تہاڑ جیل میں بند ہیں۔

HAFEEZ TOUR AND TRAVEL
حفیظ ٹور اینڈ ٹریول
A/16 ADISON ARCADE, FRASER ROAD, OPP. DOOR DARSHAN, PATNA-1
TOUR THE WORLD IN COMFORT
UMRAH GROUP
24 JULY 2024 98,990/- SAUDI AIRLINES DELHI TO DELHI
21 AUG 2024 98,900/- SAUDI AIRLINES DELHI TO DELHI
BAGHDAD ZEYARAT
OCTOBER 2024 Rs.1,10,990/- PATNA TO PATNA
حسب ضرورت عمرہ پیکج بھی دستیاب ہے۔
Makkah Hotel Within 350-400 Mtr DAR AL KHALIL AL RUSHAD
Package Includes
Accommodation, Visa,Ticket,Laundary, Zamzam, Badar Zeyarat, Transportation,Food,Tour Assistance
Madina Hotel Within 100-150 Mtr. REYAZ AL ZAHRA
9386899468 / 7903121049 / 9507677786 / 9471655574

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ARARIYA 9852382797 QARI NEYAZ | SHIEKHPURA 7909023878 EJAZ ABEDIN | PHULWARI 9334735020 ARSHAD ANSARI | DAUDNAGAR 7870055339 KHALIQ ANSARI | PATNA CITY 9905290636 Md.GUDDU |
| SAHARSA 9471256814 RAHMAT HUSSAIN | GAYA 6203063202 MD IDRIS | CHAPRA 8294537315 ZAID | AARAH 7838829811 YASIR ABID | MOTIHARI 6204363715 MD SAIFULLAH |
| JEHANABAD 7903205815 FAROOQ ANSARI | HYDERABAD 9000007663 MURAD SHAIKH | DELHI 9313452368 ABDUL JABBAR | LUCKNOW 7007430109 MD FAROOQUE | KOLKATA 9874795786 MD.USMAN |

All India Hajj Umrah Tour Operators Association (Regd.)
Package Includes :
Accomodation, Local Zeyarat at Makkah and Madina via badr, Saudi Airlines, Zam Zam, Food, Visa, Laundry, Transportation
Hotel in MAKKAH (within 300-350 Mtr.) DAR AL KHALIL AL RUSHAD or similar
Hotel in MADINA (within 50 Mtr.) MANAZIL FALAH GOLDEN or similar

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| HARCHANDA CHOWK MUZAFFARPUR 9576078610 NURUL HASSAN RIZVI (KAKI SAHAB) | NAWADA 8700152814 ARSHI | SAMASTIPUR 9576078608 HAFIZ SB | JAMUI 9507052786 AFTAB MALLICK | SILAO, NALANDA 9576025268 MD FAIZAN |
| SAHARSA 9471256814 RAHMAT HUSSAIN | SIWAN 9973250972 PURNAM SIWANI | BIHAR SHARIF 9798606457 AFAQUE AHMAD | MUZAFFARPUR 9576078606 ANWAR SHOIB | MUBARAKPUR SAHARSA 7033041817 QARI NAZIR |
| MOTIHARI 9576078602 SHAHNAWAZ KHAN | GOPALGANJ 8294797194 KHURSHID | SASARAM 9708373116 MUSHEER | ARARIA 9852382797 QARI NEYAZ | DHAKA 9097001221 MD TABREZ |

KISHANGUNJ 9576078604 SYED AHMED KABIR

FREE BAG WITH EHRAM

HANZALA TOUR & TRAVEL PVT. LTD.
حنظلہ ٹور اینڈ ٹریول پرائیویٹ لمیٹیڈ
IATA
H.O. : 9/A, Lower Ground Floor, Fazal Imam Complex, Fraser Road, Patna 1
Email : hanzalaheadoffice@gmail.com I Website : www.hanzalatt.com.in
A Complete HAJJ, UMRAH & ZEYARAT Package Solution
9507777786, 9507577786, 9507877786
We Regard Pilgrim as MEHMAN-E-HARMAIN SHARIFAN
TOLL FREE NUMBER 1800-1211-786 TOLL FREE NUMBER

(17 Days) 29 July, 2024 ₹98, 999/- DELHI TO DELHI DIRECT FLIGHTS SAUDI ARABIAN AIRLINES
(17 Days) 21 August, 2024 ₹98, 999/- DELHI TO DELHI DIRECT FLIGHTS SAUDI ARABIAN AIRLINES
Eid Milad-un-Nabi in Madina (17 Days) 13 September, 2024 ₹98, 999/- DELHI TO DELHI DIRECT FLIGHTS SAUDI ARABIAN AIRLINES
(17 Days) 08 October, 2024 ₹98, 999/- DELHI TO DELHI DIRECT FLIGHTS SAUDI ARABIAN AIRLINES
CUSTOMISED TRAVEL PACKAGES AVAILABLE !!
(17 Days) 28 July, 2024 ₹1,08, 999/- PATNA TO PATNA DIRECT FLIGHTS
(17 Days) 20 August, 2024 ₹1,08, 999/- PATNA TO PATNA DIRECT FLIGHTS
Eid Milad-un-Nabi in Madina (17 Days) 12 September, 2024 ₹1,08, 999/- PATNA TO PATNA DIRECT FLIGHTS
(17 Days) 07 October, 2024 ₹1,08, 999/- PATNA TO PATNA DIRECT FLIGHTS
BAGHDAD PACKAGE
09 October, 2024 ₹1,09, 999/- PATNA TO PATNA (DIRECT FLIGHTS)
(12 Days) 10 October, 2024 ₹99, 000/- DELHI TO DELHI (DIRECT FLIGHTS)

Gulab Jewellers
Gulab Tower Bakerganj,Patna-800 004
Tejaswi Kr. Kr.Sarraf
Mob:-7870075608
गुलाब ज्वेलर्स
گلاب جوئیلرس
SINCE 1971 GULAB JEWELLERS
ONLY 22 CT BIS 91.6
गुलाब टॉवर,बाकरगंज,पटना-800004 E-Mail:gulabjewellers157@gmail.com
Deals in Gold,Silver,Daimond,Platinum,Hallmark18ct.&22ct Jewellery

SAHARA EXPRESS
Wednesday.26.06.2024 Patna
قومی خبریں
National Khabren
روزنامہ سہارا ایکسپریس پٹنہ
www.saharaexpressdaily.com


## وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) 2024 کا گریڈ لسٹ، سرٹیفکٹ و دیگر کاغذات نامزد مدارس دفتر مدرسہ بورڈ سے دستیاب کریں: ایڈمنسٹریٹر

## درسی کتابیں وسطانیہ تا مولوی دفتر مدرسہ بورڈ سے وسطانیہ کے نتائج کے ساتھ دستیاب کرنا لازمی ہے: عبدالسلام انصاری

پٹنہ مورخہ 25 جون۔ڈاکٹر محمد نور اسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے بحکم ایڈمنسٹریٹر و سکریٹری مدرسہ بورڈ، طلبا طالبات و گارجین حضرات کو اطلاع دی ہے کہ درجہ وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) 2024 کے نتائج آن لائن جاری کر دیئے گئے ہیں۔امتحان میں کامیاب تمام طلبا و طالبات کو سرٹیفکٹ، کراس لسٹ ،گریڈ لسٹ کی اصل کاپی موصول کرایا جاتا ہے، جس کیلئے تمام نامزد مدارس کے صدر مدرسین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل تواریخ و کمشنریوں کے مطابق دفتر مدرسہ بورڈ پٹنہ اور علاقائی دفتر پورنیہ میں حاضر ہوکر تمام ضروری دستاویز حاصل کریں اور نامزد سے جڑے سبھی مدارس کو جلد سے جلد دستیاب کرا دیں تاکہ سبھی ضروری کاغذات طلبا و طالبات تک پہنچ جائے۔تمام نامزد مدارس کے صدر مدرسین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وسطانیہ ایویلیوشن 2024 کے مذکورہ دستاویز کے علاوہ وسطانیہ/فوقانیہ/مولوی سے متعلق درسی کتابیں دفتر مدرسہ بورڈ سے لازمی طور پر دستیاب کریں گے۔

واضح ہو کہ درجہ وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) 2024 کے نتائج سے متعلق دستاویز پٹنہ دفتر 5 ودیاپتی مارگ، پٹنہ میں دربھنگہ کمشنری (دربھنگہ، مدھوبنی، سمستی پور) مورخہ 01-07-2024، ترہت کمشنری (مظفر پور، مشرقی چمپارن، مغربی چمپارن، شیوہر، سیتامڑھی اور ویشالی) 02-07-2024 اور دیگر کمشنریوں (سارن ،گوپال گنج، سیوان، مونگیر، کھگڑیا، بیگوسرائے، لکھی سرائے، شیخپورہ، جموئی، پٹنہ، بھوجپور، بکسر، کیمور، روہتاس، نالندہ، گیا، جہان آباد، ارول، اورنگ آباد، جہان آباد، نوادہ) مورخہ 03-07-2024 کو جب کہ علاقائی دفتر پورنیہ میں پورنیہ کمشنری (پورنیہ، اررریہ، کٹیہار، کشن گنج) 01-07-2024، بھاگلپور کمشنری (بھاگلپور اور بانکا) 02-07-2024 کوسی کمشنری (سہرسہ، سوپول اور مدھے پورہ) 03-07-2024 کو نامزد مدارس کے منظور شدہ صدر مدرسین حاضر ہوکر تمام دستاویز و متعلقہ کاغذات حاصل کریں گے ساتھ ہی آدھار کارڈ کی عکسی کاپی اپنے ساتھ ضرور لائیں گے۔

عبدالسلام انصاری، سکریٹری مدرسہ بورڈ نے نامزد مدارس کے صدرالمدرسین کو مزید مطلع کیا ہے کہ دفتر مدرسہ بورڈ میں درجہ 1 سے 12 تک کی کتابیں دستیاب ہیں سبھی نامزد مدارس اپنے معیار کے مطابق کتابوں کا ایک سیٹ لازمی طور پر خریدیں گے اور وسطانیہ کے نتائج سے متعلق دستاویز کے وصولیابی کے وقت مذکورہ رقم ساتھ لائیں گے جس کی قیمت درجہ وار وسطانیہ تک کیلئے ایک سیٹ کے کتابوں کی قیمت 3039، درجہ فوقانیہ تک کے کتابوں کی قیمت۔ 5381 روپے اور مولوی تک کے کتابوں کی قیمت 8934 روپئے متعین ہیں۔

## جھارکھنڈ پبلک سروس کمیشن کی جانب سے

### سی ڈی پی او کے 64 عہدوں کیلئے فارم 26 جولائی تک

### اہلیت رکھنے والے خواہش مند امیدوار ضرور فارم بھریں: امتیاز احمد کریمی

پٹنہ (اسٹاف رپورٹر) جھارکھنڈ پبلک سروس کمیشن کے ذریعہ سی ڈی پی او کے 64 عہدوں کے لئے درخواست طلب کی گئی ہے۔تعلیمی لیاقت کسی تسلیم شدہ یونیوسٹی/انسٹی ٹیوٹ سے بیچلر ڈگری حاصل ہو درخواست فارم بھرنے کے اہل ہیں۔درخواست فارم بھرنے کے لئے کمیشن کے ویب سائٹ www.jpsc.gov.in سے تفصیلی جانکاری حاصل کر سکتے ہیں اور آن لائن فارم بھر سکتے ہیں۔فارم بھرنے کا عمل 27 جون 2024 سے جاری ہوگا اور 26 جولائی 2024 آخری تاریخ ہوگی۔امیدواروں کا سلیکشن ابتدائی امتحان (MCQ)، مین اور انٹرویو کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ابتدائی امتحان دو پیپر کا ہوگا جس میں ہر ایک پیپر 100-100 نمبر کل 200 نمبر کا ہوگا جس میں جنرل نالج، ہسٹری، جغرفی، اکانومکس سے سوال پوچھے جائیں گے۔اس امتحان میں کامیاب ہونے کے بعد امیدوار مین امتحان میں شامل ہوں گے۔ مین امتحان میں کامیاب امیدوار انٹرویو میں شامل ہوں گے۔عمر کی حد مورخہ 01-08-2019 کی بنیاد پر کی جائے گی ان عہدوں پر بحالی کے لئے جنرل امیدواروں عمر کی حد 22 سال سے 35 سال مقرر ہے۔BC/EBC (مرد) کے لئے 37 سال، BC/EBC (خواتین) کے لئے 38 سال اور/EWS SC/ST امیدواروں کے لئے 40 سال مقرر ہے۔امتحان کی فیس 600 روپیہ ہے اور جھارکھند ریاست کے/BC/EBC SC/ST امیدواروں کے لئے امتحان کی فیس 150 روپیہ ہے۔جناب کریمی نے اہلیت رکھنے والے خواہش مند امیدواروں سے کہا کہ وہ ضرور فارم بھریں۔دل و جان سے محنت کریں۔محنت سے ہی کامیابی ملتی ہے۔ انشاء اللہ آپ ضرور کامیاب ہوں گے۔ دعائیں اور نیک تمنائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

## پولیس نے اغوا اور تاوان کا معاملہ آٹھ گھنٹے میں حل کرلیا

### اغوا کار نے خود سازش کی اور تاوان کا مطالبہ کیا

پٹنہ سٹی (محمد فیض)

تھانہ ملسلامی پولیس نے اغوا برائے تاوان کا معاملہ صرف آٹھ گھنٹے میں حل کرلیا۔معاملے میں ڈی ایس پی-2 ڈاکٹر گورو کمار نے بتایا کہ 24 جون کو



مراری شرما ولد دلچرن شرما ساکنہ ملسلامی تھانہ علاقہ جمنا پور نے ایک تحریری درخواست دی کہ اس کے بیٹے نیرج کمار کو کسی نامعلوم افراد نے اغوا کرلیا ہے۔شخص۔اسی روز شام کو مدعی کے موبائل پر کال آئی کہ ایک نامعلوم مجرم ڈیڑھ لاکھ روپے تاوان کا مطالبہ کررہا ہے۔جس کی اطلاع اعلیٰ حکام کو دی گئی۔اس کے بعد پولیس سپرنٹنڈنٹ پٹنہ ایسٹ کی ہدایت پر ڈی ایس پی-2 کی قیادت میں ایک ٹیم تشکیل دی گئی۔فوری کارروائی کرتے ہوئے، مغوی 28 سالہ نیرج کمار کو دیدارگنج چیک پوسٹ، ایم آر ایف ٹائر انڈیا کے پیچھے سے بحفاظت بازیاب کرایا گیا۔پوچھ گچھ کے دوران نیرج نے بتایا کہ قرض میں ڈوبے ہونے کی وجہ سے اس نے خود ہی اغوا کی سازش کی تھی اور اپنے والدین سے ڈیڑھ لاکھ روپے تاوان کا مطالبہ کیا تھا۔ڈی ایس پی ڈاکٹر گورو نے بتایا کہ نیرج کمار سے ایک کالے ہینڈ بیگ سے 10 ہزار روپے اور دو موبائل فون برآمد ہوئے ہیں۔اس ٹیم میں پولیس اسٹیشن ہیڈ راجکمار سنگھ، پولیس انسپکٹر اکھلیش کمار، ابھیشیک کمار، اویناش کمار، امیت کمار، سمیت کمار، سنجے کمار کے ساتھ سنتوش کمار، سنتوش یادو، سنجیت کمار اور دیپک کمار شامل تھے۔ڈی ایس پی نے کہا کہ مغوی نیرج کے معاملے میں اعلیٰ حکام کی ہدایت پر مزید کارروائی کی جائے گی جس نے خود سازش رچ کر پولیس کو گمراہ کیا۔

## عید غدیر پر نکالے جانے والے جلوس

پٹنہ سٹی (محمد فیض)

منگل کو شیعہ برادری کی جانب سے مومنین عظیم آباد کے بینر تلے والی امام باڑہ سے عید غدیر کا جلوس نکالا گیا جو اشوک راج پتھ، گجری بازار کے مین روڈ سے ہوتے ہوئے اولڈ سٹی کورٹ سے ہوتا ہوا نوجرکٹرہ پہنچا۔





،مغربی دروازہ، بیلوار گنج۔ جہاں پر بحث کا اہتمام کیا گیا۔مولانا شمشاد صاحب نے اپنے خطاب میں عید گدیر کی خوشیوں کا خاکہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ محمد صاحب کی حضرت علی کو اپنا جانشین بنانے کی خوشی کا تہوار ہے۔انہوں نے کہا کہ جس طرح عیدالفطر روزے کی تکمیل پر منائی جاتی ہے اسی طرح عید قربان حج کی تکمیل پر منائی جاتی ہے۔اسی طرح دین کی تکمیل کے بعد عید غدیر منائیں۔ یہ تہوار اس واقعہ کی یاد میں منایا جاتا ہے۔جس میں کہا گیا ہے کہ اس دن پیغمبر اسلام اپنی زندگی کا آخری حج کر کے واپس آئے اور شیعہ برادری کے پہلے امام حضرت علی کو اپنا جانشین مقرر کیا۔شیعہ برادری کی روایت کے مطابق یہ دن اسلام کے لیے بہت اہم دن ہے۔جن کی یاد میں شیعہ برادری بڑے پیمانے پر عید غدیر مناتی ہے۔ یہ عید بہترین عید سمجھی جاتی ہے۔جلوس میں کرار حسین، مولانا عروج عابدی، مولانا دلاور صاحب، انجمن سے وابستہ زائرین میں سید نصیر مہندی، شاہ جوہر امام جانی، جان عبدی، سید جوہر عباس، سید عباس رضوی، سید ارشاد حسین، سید جان عبدی، تنویر حسن، سونو مہندی، اشرف حسین، عابد امام، ملک الاشتر شامل تھے۔اس موقع پر زائرین نے گلے مل کر ایک دوسرے کو مبارکباد دی اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔قبل ازیں صبح شیعہ برادری کی مساجد میں عید غدیر کی نماز ایک ساتھ ادا کی گئی۔عید غدیر کی محفل مکسدہ کا انعقاد بدھ کو والی امام باڑہ میں کیا جائے گا۔جس میں مولانا مراد رضا صاحب خطاب فرمائیں گے۔جبکہ مولانا جان عابدی نظامت کریں گے۔تقریب میں باہر کے شعراء مبارک جلالپوری، میثم کاظمی، جگم کوپاگنجوی، منظر اختر فتح پوری، جمال سرسوی کلام پیش کریں گے۔پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوگا۔سید حسن علی کی جانب سے موقع پر پودے تقسیم کیے جائیں گے۔

## جائیداد کے تنازع کی وجہ سے کلیوگی کے بیٹے نے اپنے والدین اور بھائی کی بیوی کا سڑکوں پر پیچھا کیا اور ان کی پٹائی کی

بہار شریف (محمد آفتاب) نالندہ: سارے تھانہ علاقہ کے مرگیا چک گاؤں میں جائیداد کے تنازعہ پر ایک



کلیوگی بیٹے نے اپنے ماں باپ اور بھائی کی بیوی کو سڑکوں پر دوڑایا اور زخمی مدد کی التجا کرتے رہے، لیکن وجہ بیٹے کے گھمنڈ میں پڑوسیوں نے بھی مدد نہ کی جس کی اطلاع پولیس کے پہنچنے پر زخمی کو بہار شریف کے صدر اسپتال میں داخل کرایا گیا۔علاج۔زخمی سدھیشور گوپ، بیوی مالتی دیوی اور بہو بیتا دیوی کا صدر اسپتال میں علاج چل رہا ہے، زخمی کے چھوٹے بیٹے شیو شنکر کمار نے بتایا کہ پیر کو اس کا زبردستی جائیداد کی تقسیم کو لے کر جھگڑا چل رہا ہے۔

## 1975 کی ایمرجنسی کے خلاف احتجاج




پٹنہ سٹی (محمد فیض)

منگل کو جے پی سینانی سنگھرش سمیتی نے 1975 میں کانگریس حکومت کی طرف سے ملک میں نافذ ایمرجنسی کے خلاف احتجاجی مارچ نکالا۔ یہ مارچ منگل تالاب واقع تریمورتی چوک کمپلیکس سے نکل کر شہید بھگت سنگھ چوک پہنچا۔ اس دوران لوگوں نے کانگریس، اندرا گاندھی اور ایمرجنسی کے خلاف نعرے لگائے۔"آئین کی حفاظت کون کرے گا، ہم کریں گے، ہم کریں گے"،"جمہوریت کی حفاظت کون کرے گا، ہم کریں گے، ہم کریں گے"،"آمریت کے لیے ذمہ دار کانگریس پارٹی کے خلاف"، جیسے نعرے لگائے گئے۔"کانگریس مردہ باد، لوک نائک زندہ باد" کے نعرے بھی لوگ لہرا رہے تھے۔ جب مزاحمتی مارچ اس قرارداد پر پہنچا تو جلسے میں تبدیل ہوگیا۔احتجاجی مارچ میں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر مقررین نے کہا کہ نصف صدی قبل اسی دن یعنی 25 جون کو جس کانگریس کی حکومت نے آئین کی توہین کی تھی اور ملک میں جمہوریت کا قتل کیا تھا، آج وہ آئین کو بچانے کا مطالبہ کررہی ہے۔ جے پی سنگھرش سمیتی کے چیئرمین اور سابق کونسلر اودھیش کمار سنہا نے احتجاجی مارچ میں شریک لوگوں کو جمہوریت اور آئین کے تحفظ کا حلف دلایا۔ پروگرام کی نظامت بی جے پی کسان مورچہ کے سابق صدر سنجیو کمار یادو نے کی اور شکریہ کا ووٹ دیویندر کمار سنگھ نے پیش کیا۔اس موقع پر پاٹلی پترا پریشد کے صدر ترلوکی ناتھ گولوارا، اشوک پاسوان، وٹھل جی، ترلوکی ناتھ، ونے کیشری، نول سنہا، ونے کمار، بلرام ماتوری، دیانند یادو، نیرّ اقبال، منوج یادو، پریم سنگھ، اجے مہتا سمیت درجنوں لوگ موجود تھے۔

## سابق پی ایم وی پی سنگھ کی یوم پیدائش کی جینتی منی

پٹنہ سٹی (محمد فیض)

سابق وزیر اعظم آنجہانی وی پی سنگھ کی یوم پیدائش منائی گئی۔ مانس پاتھ گجری بازار میں واقع



وارڈ 60 کے دفتر میں منعقدہ ایک پروگرام میں آر جے ڈی کے کارکنوں نے ان کی تصویر پر پھول چڑھا کر خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر مقررین نے ان کی زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ وی پی سنگھ نے منڈل کمیشن کو لاگو کر کے دلتوں اور پسماندہ طبقات کی ترقی کے لیے کام کیا۔ جسے کبھی بھلایا نہیں جا سکتا۔آنجہانی وی پی سنگھ نے اپنی پوری زندگی ملک اور سماج کے لیے وقف کر دی تھی۔انہوں نے کبھی نفرت کی سیاست نہیں کی۔ ہمیشہ محبت اور بھائی چارے کی سیاست کرتے رہے۔صدارت سابق کونسلر بلرام چودھری نے کی۔ جبکہ یہ کارروائی آر جے ڈی کے سابق ریاستی جنرل سکریٹری رجنیش کمار رائے نے کی۔خراج عقیدت پیش کرنے والوں میں وارڈ 60 کی کونسلر شوبھا دیوی، محمد جاوید، آر جے ڈی کے ریاستی جنرل سکریٹری اور سابق کونسلر پردیپ مہتا، ڈاکٹر اکبال احمد، شمبھو ناتھ مہتا، رگھوناتھ پرساد، بھوشن مالی، دیورتن پرساد، محمد قاسم چند اور درجنوں افراد شامل تھے۔آر جے ڈی کارکنان۔

## *ضلعی افسر نے محکمہ امتناعی کے کاموں کا جائزہ لیا*

کشن گنج نجم الحسنین ذکی

ضلع مجسٹریٹ کشن گنج تشار سنگلا نے 25/06/24 کو اپنے دفتر میں محکمہ آبکاری اور امتناع کی طرف سے کئے جا رہے کام کا جائزہ لیا۔ضلع مجسٹریٹ نے بتایا کہ کشن گنج ضلع بین ریاستی اور بین الاقوامی سرحد سے متصل ہونے کی وجہ سے منشیات کی غیر قانونی آمدورفت کو روکنے کے لیے سرگرم ہونے کی ضرورت ہے۔اس کے لیے ضروری ہے کہ محکمہ ٹرانسپورٹ اور پرہیبیشن ڈیپارٹمنٹ آپس میں مل کر کام کریں۔انہوں نے ہدایت کی کہ تمام چیک پوسٹوں پر سخت تفتیش جاری رکھی جائے۔سپرنٹنڈنٹ آف پرہیبیشن کو ہدایت کی گئی کہ وہ ضلع کے ماتحت تمام چیک پوسٹوں کے ملازمین اور اہلکاروں کی فہرست تیار کریں اور اسے تمام چیک پوسٹوں کے ساتھ شیئر کریں۔انہوں نے چار گھڑیا چیک پوسٹ جلد شروع کرنے کی بھی ہدایت کی۔ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے دیگر حساس مقامات کی بھی نشاندہی کی اور پولیس فورس کے ساتھ وہاں باقاعدہ گشت اور گہرے چھاپہ مار کارروائیاں کرنے کی ہدایت



کی۔انہوں نے منشیات کی ضبطی کی رپورٹس کا روزانہ جائزہ لینے کی ہدایت کی۔اب تک ضبط کی گئی تقریباً 103 گاڑیوں کی فوری جانچ اور نیلامی کی ہدایت کی گئی۔میٹنگ میں ضلع افسر تشار سنگلا کے ساتھ منشیات کی روک تھام کے سپرنٹنڈنٹ دیویندر پرساد، انفارمیشن پبلک ریلیشن آفیسر کندر کمار سنگھ، ڈسٹرکٹ ٹرانسپورٹ آفیسر ارون کمار، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ہیڈکوارٹر) اور دیگر افسران/عملہ موجود تھے۔

## 26/جون سے 28/جون تک وزیر اعلی اقلیتی روزگار قرض کی وصولی کیمپ کا انعقاد اسمبلی بلڈنگ ارریہ میں ہوگا

ارریہ (مشتاق احمد صدیقی) چیف منسٹر اقلیتی روزگار لون اسکیم، NMDFC ٹرم لون کے تحت تقسیم کیے گئے قرض کی رقم کی وصولی کو تیز کرنے کے لئے منیجنگ ڈائریکٹر، بہار اسٹیٹ اقلیتی مالیاتی کارپوریشن، بہار، پٹنہ کے مکتوب نمبر 1618/تاریخ 2024.06.07 کی روشنی میں اور ایجوکیشن لون اسکیم قرض لینے والوں کو قرض کی ادائیگی کی سہولت فراہم کرنے اور قرض کی رقم کی بروقت ادائیگی کے لئے ترغیب دینے کے لئے کلکٹریٹ کے احاطے میں ڈی آر ڈی اے اسمبلی کی عمارت کے احاطے میں قرض کی وصولی کیمپ کا انعقاد 2024.06.26 سے 2024.06.28 تک کیا جائیگا، اس سلسلے میں ضلع مجسٹریٹ ارریہ نے ایک حکم نامہ جاری کرتے ہوئے ضلع کارپوریشن انچارج ڈویژنل دفتر ارریہ/دفتر کے عملہ ضلع اقلیتی بہبود کے دفتر ارریہ کو مذکورہ کیمپ کی تنظیم کی بڑے پیمانے پر تشہیر کرنے کی ہدایت دی۔

## ملت اکیڈمی للبنات دینی وعصری علوم کا مرکز




سوپول (محمد نظام الدین اشاعتی)

شہر سوپول نگر پریشد وارڈ نمبر 20 میں ملت اکیڈمی للبنات کا افتتاحی پروگرام منعقد ہوا۔ قاری غلام مصطفی صاحب نے تلاوت قرآن سے جلسے کا آغاز کیا، اور نظامت کے فرائض فعال و متحرک عالم دین حضرت مفتی ضیاءالدین قاسمی نے بحسن وخوبی انجام دیا علماء ودانشوروں نے فرمایا کہ ملک کے موجودہ بدلتے حالات میں ہندوستانی مسلمانوں کیلئے لازم ہے کہ وہ حصول علم کے سارے ذرائع کو اختیار کرتے ہوئے اس میدان میں آگے بڑھیں۔خصوصاً بچیوں کی تعلیم وتربیت کے سلسلے میں زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ آج کے پرفتن دور میں قوم کی بچیاں کو دینی ودنیوی تعلیم مکمل اسلامی ماحول میں دینا یہ وقت کا اہم تقاضا ہے ابتدا ہی سے تعلیم کے ساتھ ساتھ ہماری بچیوں کے ایمان وعقائد اتنے مضبوط مستحکم ہو کہ بعد میں اعلی تعلیم حاصل کرنے کے لیے کسی بھی ادارہ اسکول یا کالج میں جائے اور وہاں چاہے جس طرح کا ماحول ہو تو یہ بچیاں اپنے ایمان واعمال کی حفاظت کرسکے اور وہاں کے ماحول سے متاثر نہ ہو۔اسی مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے: ملت اکیڈمی للبنات سوپول: کی بنیاد رکھی گئی ہے۔اگر مسلمان اپنی بچیوں کی دینی ماحول میں ابتدائی تعلیم وتربیت کے سلسلے میں غفلت برتیں گے تو مستقبل میں اس کے نتائج اور بھیانک ہوں گے۔اس لئے ہر سطح پر ملت میں بچیوں کی دینی ماحول میں ٹھوس دینی وعصری تعلیم کی اہمیت کی شعور پیدا کرنے کی سخت ضرورت ہے۔مفتی محمد اکبر قاسمی نے اپنے ابتدائی خطاب میں ادارہ کے مقاصد کو اجاگر فرماتے ہوئے فرمایا کہ ادارے کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں! *تزکیہ تربیت پر خصوصی توجہ *مکمل دینی ماحول اور پردے کا نظام۔مذہبی وفکری ارتداد سے بچاؤ کے لیے طالبات کے ذہن ودماغ میں اسلامی عقائد اور ایمانیات کی جڑوں کو مستحکم کرنا جدید فتنوں سے آگاہی اور اسے بچاؤ کی تدابیر کی تیاری تجوید کی رعایت کے ساتھ قرآن کریم کی تعلیم اور مشق وتصحیح خواتین میں دعوت وتبلیغ اور اصلاح کے لیے بچیوں میں استعداد پیدا کرنے پر زور

حضرت مولانا آفتاب غازی نے اپنے بیان میں فرمایا کہ اسلام نے علم کی کوئی تخصیص نہیں کی ہے، قرون اولی کے مسلمان ہر علم میں مہارت رکھتے تھے، اسی لئے دنیا کی امامت وقیادت ان کے ہاتھوں میں آئی لیکن آج علم کو دینی اور دنیاوی علوم میں تقسیم کر کے مسلمان تعلیم میں پیچھے ہوتے جارہے ہیں مفتی معراج سعید قاسمی صدر مدرس جامعہ اصلاح البنات نے فرمایا کہ ہر ایسا علم جو انسانیت کے نفع بخش ہو اس کا حصول مسلمانوں کیلئے لازمی ہے، علم کے ساتھ تربیت بھی ضرورت ہے۔انہوں کہا کہ قرآن مجید میں 80 مقامات پر علم کا تذکرہ کیا گیا اور 778 مقامات پر "افلا تفکرون" اور "افلا تدبرون" کے الفاظ استعمال کرتے ہوئے کہا گیا کہ کیا تم غور نہیں کرتے اور کیا تم تدبر نہیں کرتے، اس سے اسلام میں علم اور غور وفکر کرنے کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔حضرت مولانا رمضان علی قاسمی صدر جمعیۃ علماء سوپول اپنے صدارتی خطاب میں فرما※ کہ اللہ تعالی نے زمین پر انسان کو اپنا خلیفہ بنا کر بھیجا ہے، اس کو یہ ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ وہ خالق کائنات کے احکام پر عمل کرتے ہوئے دنیا میں امن وسلامتی کے ساتھ زندگی گذارے اور آج مفتی اکبر قاسمی، مولانا سلیم ندوی، مفتی ضیاءالدین قاسمی نے مل کر ہم سوپول والوں کا بڑا کام انجام دینے کی ذمہ داری لی ہے، ہم سب مل کر اس کا ساتھ دیں اور ملت اکیڈمی للبنات کو خوب آگے بڑھائیں تاکہ ملت کی بیٹیوں کو اچھی دینی وعصری تعلیم بھی دیں اور ان کے ایمان وعقائد کی حفاظت بھی ہو سکے۔مفتی امان اللہ صاحب قاسمی جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء سوپول اپنے خطاب میں بتا※ کہ ایک ایسی ملت جو حصول علم کی ایک درخشاں تاریخ رکھتی ہے آج وہ تعلیمی شعبہ میں دیگر طبقوں سے بھی پیچھے ہے، مسلمانوں کی تعلیمی پسماندگی کی مختلف وجوہات ہیں لیکن جب تک مسلمان اپنی تعلیمی ترجیحات طے نہیں کریں گے ان کے دیگر مسائل بھی حل نہیں ہوں گے۔مسلمانوں کے سماجی، معاشی، تہذیبی اور سیاسی مسائل کا حل ان کی تعلیمی ترقی میں ہے ہم اپنے بچوں کو تعلیم کی طرف راغب کریں اور اپنے نونہالوں کو تعلیم کی زیور سے آراستہ کریں یہ وقت کا اہم تقاضہ ہے۔وہیں مولانا نظام الدین اشاعتی خزانچی جامعہ اصلاح البنات سہرسہ نے اس ادارے کے بانی وناظم مولانا سلیم ندوی ومفتی اکبر قاسمی کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے لوگوں سے بھرپور تعاون کی اپیل کی مولانا سلیم ندوی، اور دیگر علماء کا علمی اصلاحی خطاب ہوا اس پروگرام کو کامیاب کرنے کے لئے مولانا سلیم ندوی اور مقامی حضرات نے بہت محنت وجدوجہد کے۔

## *کمپاؤنڈ ضیاءاللہ نم آنکھوں سے سپرد خاک*

دربھنگہ (اعجاز احمد اصلاحی) یہ خبر انتہائی افسوس کے ساتھ پڑھی جائیگی کہ سوپول بازار کے معروف شخصیت کمپونڈ رضیاءاللہ صاحب 85 سال کی عمر میں کل 24 جون بروز پیر کو عصر سے حرکت قلب بند ہونے سے انتقال ہو گیا ہے۔ ان کے انتقال کی خبر سے علاقے میں غم کی لہر دوڑ گئی۔مرحوم صوم صلوۃ کے پابند تھے اور بڑے ہی خلیق اور ملنسار تھے، اپنے تمام ملنے والوں سے بڑے ہی اخلاق سے



پیش آتے تھے اپنے ہر چاہنے والوں سے بڑی محبت کرتے تھے۔انہوں نے بیٹے، بیٹیوں، پوتے پوتیوں سے بھرا پورا خاندان چھوڑا ہے۔نماز جنازہ آج بعد نماز ظہر ادا کی گئی اور سینکڑوں نم آنکھوں کے ذریعے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔نماز جنازہ میں دوست واحباب اور رشتے داروں کے علاوہ کثیر تعداد میں قرب وجوار لوگوں نے شرکت کی اور مرحوم کی مغفرت کی دعائیں کیں۔آپ تمام قارئین کرام دعا کریں کہ اللہ مرحوم کی بال بال مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ سے اعلیٰ مقام عطا فرمائے، اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے آمین۔

www.saharaexpressdaily.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com saharaexpresspatna1@gmail.com



روزنامہ
پٹنہ
# سہارا ایکسپریس
# SAHARA EXPRESS,PATNA

*Urdu Daily Published From Patna, Ranchi & Delhi*

No-1 SE

RNI.NO.BIHURD/2011/37805 Vol:14 Issue:170 26.06.2024 **WEDNESDAY** Re.01 Page:08

جلد نمبر:14 شمارہ:170/ بدھ/ ۲۶/ جون/ ۲۰۲۴/ مطابق/ ۱۹/ ذی الحجہ/ ۱۴۴۵ھ/ صفحات:08

SCHOLARSHIP UPTO 100%
☎ 8010-786-787 Helpline

RMECT RoseMine EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST
We Have A Dream to Educate You...
ESTD.-2005
REGD. BY : INDIAN TRUST ACT. 1882 (GOVT. OF INDIA)

روز مائن
रोजमाईन

www.rosemine.in
rosemineGroup@gmail.com
/rosemineofficial

आपके 100% तक कॉलेज फीस की जिम्मेदारी ट्रस्ट की है।
हमारे मिशन 'संकल्प' में शामिल हों।

MEDICAL → BDS - 5 Year, PHARM.D - 6 Year
• 1 Lakhs Per Year 50% Scholarship
• 4 Lakhs Fifty Thousand for Full Course Without Hostel Fee

PARA-MEDICAL → B.SC NURSING, B.SCC OTT, ALL BRANCH
• 1000% Scholarship सिर्फ रहने और Exam Fees
80000 से 86000 Per Year

AWAIS AMBER
NATIONAL CAREER COUNSELOR,CEO & FOUNDER
SOCIAL ACTIVIST, ROSEMINE EDUCATIONAL TRUST

REG. OFF. (PATNA) : OPP. NEW PASSPORT OFFICE, ASHIANA DIGHA ROAD, NEAR KOTAK MAHINDRA BANK & ATM BUILDING, PATNA, (BIHAR) 9204-786-787

اشتہار... اشتہار... اشتہار... اشتہار... اشتہار... اشتہار... اشتہار... اشتہار... اشتہار... اشتہار... اشتہار

Ph.: 2303206
खज़ाना ज्वेलर्स
ONLY 22 CT BIS 91.6
(100% हॉलमार्क गहना)
ہول مارک زیورات
MD. AZAM Mob. 9431013786
MD. WARIS Mob. 9955150722
NO BRANCH
سونے اور چاندی کے گارنٹی شدہ زیورات
Mob. 9939588144
प्रो० मो० साबिर
मो० यासीन
خزانہ جوئیلرس
Khazana JEWELLERS
انجمن اسلامیہ ہال کے سامنے
نزد پٹنہ مارکیٹ، مراد پور، پٹنہ-4
अंजुमन इस्लामिया हॉल के सामने निकट पटना मार्केट, मुरादपुर, पटना-4
انجمن اسلامیہ ہال کے سامنے، پٹنہ مارکیٹ کے بغل میں

سونے اور چاندی کے عمدہ زیورات کیلئے تشریف لائیں، کوالیٹی اور وزن کی گارنٹی
RAJDHANI JEWELLERS
Deals In:
916,22 ct.
Gold & Sliver, Ornaments
راجدھانی جوئیلرس
SABZIBAGH,PATNA-04 8789385409,9798231131

## ایمرجنسی کے سیاہ دن لانے والے آئین سے محبت کا دعویٰ نہیں کرسکتے : مودی



نئی دہلی، 25 جون (یو این آئی) انڈیا اتحاد کی طرف سے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو ملک کے آئین کے لئے سب سے بڑا خطرہ قرار دینے کے خلاف نعرے لگانے کے ایک دن بعد، وزیراعظم نریندر مودی نے منگل کو جوابی حملہ کرتے ہوئے کہا کہ ایمرجنسی نافذ کرنے والوں کو جوابدہ ہونا چاہئے انہیں آئین سے محبت کا دعویٰ کرنے کا کوئی حق نہیں ہے سوشل میڈیا پر پوسٹس کی ایک سیریز میں مسٹر مودی نے 1975 میں اس وقت کی وزیراعظم اندرا گاندھی کے ہاتھوں تقریباً 21 ماہ تک لگائی گئی ایمرجنسی کے لیے کانگریس پر حملہ کیا۔ ایمرجنسی کو سیاہ دن کے طور پر یاد کرتے ہوئے انہوں نے کہا" یہ دن ہمیں یاد دلائے گا کہ کس طرح کانگریس نے بنیادی آزادیوں کو تباہ کیا اور ہندوستان کے آئین کو پامال کیا، جس کا ہر ہندوستانی دل کی گہرائیوں سے احترام کرتا ہے۔" وزیراعظم نے کہا کہ جس ذہنیت کی وجہ سے ایمرجنسی لگائی گئی تھی وہ ذہنیت آج بھی اسی پارٹی میں زندہ ہے۔"آج کا دن ان تمام عظیم مردوں اور خواتین کو خراج عقیدت پیش کرنے کا ہے جنہوں نے ایمرجنسی کی مخالفت کی۔" وزیراعظم کا یہ تبصرہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ملک 25 جون کو ایمرجنسی کے نفاذ کے 49 سال مکمل کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا صرف اقتدار برقرار رکھنے کے لیے اس وقت کی کانگریس حکومت نے ہر جمہوری اصول کو نظر انداز کیا اور ملک کو جیل میں تبدیل کر دیا تھا۔ جس نے بھی کانگریس سے اختلاف کیا اسے ہراساں اور پریشان کیا گیا۔ کمزور ترین طبقات کو نشانہ بنانے کے لیے سماجی طور پر رجعت پسندانہ پالیسیاں نافذ کی گئی تھیں۔ کانگریس پر بالواسطہ حملہ کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا" جن لوگوں نے ایمرجنسی نافذ کی، انہیں ہمارے آئین سے اپنی محبت کا دعویٰ کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے لاتعداد مواقع پر آرٹیکل 356 لگایا اور آزادی صحافت کو ختم کرنے اور وفاقیت کو تباہ کرنے والے بل منظور کرائے اور آئین کے ہر پہلو کی خلاف ورزی کی۔'' وزیراعظم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ جس ذہنیت کی وجہ سے ایمرجنسی لگائی گئی تھی وہ اب بھی اسی پارٹی میں زندہ ہے۔ انہوں نے کہا وہ اپنے انداز کے ذریعے آئین کے تئیں اپنی نفرت چھپاتے ہیں، لیکن ملک کے عوام ان کی حرکتوں کو سمجھ چکے ہیں اور اسی لیے انہوں نے انہیں بار بار مسترد کیا ہے۔ ایمرجنسی کا اعلان ٹھیک 49 سال قبل 24-25 جون 1975 کی درمیانی رات کو کیا گیا تھا جسے 21 مارچ کو ہٹا دیا گیا تھا۔

## راہل گاندھی نے لوک سبھا کے رکن کے طور پر حلف لیا



نئی دہلی، 25 جون (یو این آئی) اتر پردیش کے رائے بریلی پارلیمانی حلقہ سے منتخب کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے منگل کو لوک سبھا کے رکن کے طور پر حلف لیا آئین کی کاپی تھامے مسٹر گاندھی نے انگریزی میں رکنیت کا حلف لیا اور حلف لینے کے بعد انہوں نے جے ہند اور جے آئین کا نعرہ لگایا جب مسٹر گاندھی اپنی پسندیدہ سفید ٹی شرٹ پہنے حلف لے رہے تھے، کانگریس کے ارکان نعرے لگاتے ہوئے ان کی حمایت کر رہے تھے۔ اس سے قبل بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے ارون گوول، جو میرٹھ پارلیمانی سیٹ سے منتخب ہوئے اور سیریل رامائن میں رام کا کردار ادا کیا، نے سنسکرت میں حلف لیا اور حلف لینے کے بعد جے شری رام کا نعرہ بھی لگایا۔ اتر پردیش کی گوتم بدھ نگر سیٹ سے منتخب ہونے والے ڈاکٹر مہیش شرما نے بھی سنسکرت میں حلف لیا۔ اناؤ سے منتخب ہوئے ساکشی مہاراج نے بھی سنسکرت میں حلف لیا۔ متھرا سے بی جے پی کے ٹکٹ پر منتخب ہونے والی مشہور اداکارہ ہیما مالنی نے حلف لینے سے پہلے رادھے رادھے کا نعرہ لگایا اور آخر میں جے کرشنا جے رادھا رانی کے نعرے لگائے۔ نگینہ سے منتخب ہونے والے چندر شیکھر نے حلف لیتے وقت اپنے ہاتھ میں آئین کی ایک بڑی کاپی پکڑی ہوئی تھی جس کا کور نیلا تھا۔ انہوں نے نیلے رنگ کے کپڑے بھی پہن رکھے تھے۔

बिहार सरकार

अन्तर्राष्ट्रीय मादक पदार्थ दुरूपयोग निवारण दिवस

26 जून 2024

संदेश

मुख्यमंत्री
बिहार

मादक पदार्थों का सेवन एक प्रमुख सामाजिक चिंता बन चुकी है। आज पूरी दुनिया किसी न किसी रूप में इस समस्या का सामना कर रही है। खासकर आज–कल के युवा पीढ़ी नशीले पदार्थों के प्रति आसानी से आकर्षित हो रहे हैं। इसके सेवन से व्यक्ति का शारीरिक, मानसिक एवं चारित्रिक पतन हो रहा है जिसमें परिजनों, विशेषकर महिलायें और बच्चे काफी असुरक्षित महसूस करते हैं। नशे का सेवन व्यक्ति को सामाजिक एवं आर्थिक पतन की ओर ले जाता है और समाज को इसकी भारी कीमत चुकानी पड़ती है।

राज्य सरकार ने बिहार में पूर्ण मद्य निषेध लागू कर सामाजिक परिवर्तन की बुनियाद रखी है। साथ ही नशा मुक्ति के प्रति लोगों को जागरूक करने का अभियान लगातार जारी है। मुझे उम्मीद है कि राज्य सरकार के इन प्रयासों से बिहार के युवा मादक पदार्थों के दुष्प्रभावों के प्रति जागरूक होंगे और स्वस्थ समाज का निर्माण करेंगे।

26 जून 2024 को ''अन्तर्राष्ट्रीय मादक पदार्थ दुरूपयोग निवारण दिवस'' के अवसर पर आइए, हम सब मिलकर मादक पदार्थों के सेवन एवं इसके अवैध व्यापार से स्वयं और समाज को बचाएं तथा इसके विरूद्ध राज्य सरकार द्वारा चलाये जा रहे अभियान में पूर्ण भागीदारी का संकल्प लें जिससे हम एक स्वस्थ और खुशहाल समाज की दिशा में अग्रसर हो सकें।

(नीतीश कुमार)

PR No.- 002436 (SWD)D. 2024-25



सत्यमेव जयते
राज्यपाल, बिहार
GOVERNOR OF BIHAR

राज भवन
पटना–800022
RAJ BHAVAN
PATNA 800022

अन्तर्राष्ट्रीय मादक पदार्थ दुरुपयोग निवारण दिवस

26 जून 2024

संदेश

मादक पदार्थों का व्यसन एक सामाजिक और मनोवैज्ञानिक समस्या है, जो न केवल युवाओं, अपितु समाज के विभिन्न आयु वर्ग के लोगों को प्रत्यक्ष एवं अप्रत्यक्ष रूप से प्रभावित करता है। इसका सेवन न केवल मनुष्य के शारीरिक एवं मानसिक स्वास्थ्य को प्रभावित करता है, बल्कि परिवार, समाज एवं राष्ट्र को पतन की ओर ले जाता है। अतएव, इस बुराई से बचाव करना हम सब की जिम्मेवारी है, जिससे कि एक सतत प्रगतिशील समाज एवं राष्ट्र का निर्माण किया जा सके।

आइए, 26 जून, 2024 को ''अन्तर्राष्ट्रीय मादक पदार्थ दुरूपयोग निवारण दिवस'' के अवसर पर हम सब मिलकर मादक पदार्थों के दुरूपयोग एवं इसके अवैध व्यापार से अपने को बचाने का संकल्प लें, ताकि हमारा समाज और भावी पीढ़ी सुरक्षित रह सके।

(राजेंद्र विश्वनाथ आर्लेकर)

PR No.- 002435 (SWD) D. 2024-25

روزنامہ سہارا ایکسپریس پٹنہ
SAHARA EXPRESS,PATNA

## اداکارہ سوناکشی سنہا کے شوہر ظہیر اقبال کون ہیں اور دونوں کی ملاقات کیسے ہوئی؟

بالی وڈ کی معروف اداکارہ سوناکشی سنہا اور اداکار ظہیر اقبال نے دونوں سے متعلق کئی ہفتوں سے جاری قیاس آرائیوں کے بعد ممبئی میں ایک نجی تقریب کے دوران شادی کر لی ہے۔ تاہم سوشل میڈیا پر ایک خاص طبقے کی جانب سے انھیں ٹرولنگ کا سامنا ہے۔ یہ ٹرولنگ اتنی سخت اور شدت پسندانہ رہی ہے کہ نئے جوڑے نے اپنے انسٹا گرام اکاؤنٹ پر شادی کے اعلان کے بعد کمنٹس کے سیکشن کو بند کر دیا ہے۔ 'ہیرا منڈی' کی مرکزی اداکارہ سوناکشی سنہا اور ظہیر اقبال نے کورٹ میرج کی ہے اور لکھا ہے کہ 'اب ہم میاں بیوی ہیں'۔ سوناکشی اور ظہیر نے ممبئی کے باندرہ میں ساحل سمندر پر واقع اپارٹمنٹ میں شادی کی۔ ان کے خاندان نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ وہ نہ تو ہندو رسم و رواج کے مطابق شادی کریں گے اور نہ ہی مسلم رسم و رواج کے مطابق۔ شادی کے بعد ممبئی کے علاقے ورلی میں 'بستیاں' نامی ریستوراں میں ایک استقبالیے کا اہتمام کیا گیا جس میں سلمان خان، انیل کپور، کاجول اور ہما قریشی سمیت بہت سے اداکاروں، سیاستدانوں اور صنعت کاروں نے شرکت کی۔ تصویر کا کیپشن ظہیر شادی کے کاغذات پر دستخط کرتے ہوئے جبکہ سوناکشی سنہا اپنے والد شتروگھن سنہا کے ساتھ شادی کا اعلان اور سوناکشی کے والد شتروگھن سنہا کا بیان اپنی انسٹا گرام پوسٹ میں 'دبنگ' فلم کی اداکارہ سوناکشی اور ظہیر نے شادی کے بارے میں لکھا کہ 'ہم نے اپنے دونوں خاندانوں اور خدا کی مہربانی سے شادی کی۔ سات سال قبل اسی دن ہم دونوں نے ایک دوسرے کی آنکھوں میں محبت دیکھی تھی، ہم نے محبت کو اس کی خالص ترین شکل میں دیکھا اور اسے برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا۔ یہ محبت ہمیں چیلنجز کے باوجود کامیابیوں تک لے گئی ہے اور آج ہم اس لمحے تک پہنچ گئے ہیں جہاں ہمارے خاندان اور خدا دونوں کی برکت سے اب ہم میاں بیوی ہیں۔' شادی کی خبر کے بعد سے ہی سوشل میڈیا پر سوناکشی سنہا اور ان کے والد اور اب ترنمول کانگریس سے رکن پارلیمان شتروگھن سنہا کو ٹرولنگ کا سامنا رہا۔ بہرحال اب جہاں 'شادی مبارک' اور سوناکشی اور ظہیر اقبال ٹرینڈ کر رہے ہیں لیکن اس سے پہلے اس رشتے کو 'لو جہاد' کے مبینہ حصے کے طور پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ جب سوناکشی سنہا کی ایک مسلم اداکار سے شادی کی خبریں گردش کرنے لگیں تو میڈیا والے ان کے والد شتروگھن سنہا کے پاس تصدیق کے لیے پہنچ گئے۔ شتروگھن نے اپنے انداز میں کہا کہ وہ بھی اس متعلق مطلع کیے جانے کے منتظر ہیں اور پھر مزید کہا کہ 'آج کل کے بچے ماں باپ کی اجازت نہیں لیتے صرف مطلع کرتے ہیں۔' بہرحال انھوں نے ایک دوسرے چینل سے بات کرتے ہوئے ساری افواہوں کو رد کرتے ہوئے کہا کہ 'میں شادی میں ضرور شریک ہوں گا۔ میں شرکت کیوں نہیں کروں گا اور کیوں نہیں وہاں ہوں گا؟ اس (سوناکشی) کی خوشی میری خوشی ہے۔ اسے اپنے ساتھی اور اپنی شادی کی دیگر تفصیلات کا انتخاب کرنے کا پورا حق حاصل ہے۔' انھوں نے زوم چینل کو بتایا کہ سوناکشی اور ظہیر 'ایک ساتھ بہت اچھے لگتے ہیں۔' بالی وڈ کے بہت سے دیگر فنکار جن میں عالیہ بھٹ اور پرینیتی چوپڑہ بھی شامل ہیں انھوں نے اس نئے جوڑے کو سوشل میڈیا پر شادی کی مبارکباد دی ہے۔ جیسا کہ سوناکشی سنہا نے لکھا ہے کہ وہ دونوں سات برسوں سے محبت کے بندھن میں ہیں۔ مقامی چینلز کی خبروں کے مطابق کہا جاتا ہے کہ ان دونوں کی ملاقات اداکار سلمان خان نے ایک تقریب کے دوران کروائی تھی۔ پھر سلمان خان نے ظہیر اقبال کو 'نوٹ بک' نامی فلم سے لانچ کیا تھا۔ جبکہ اس سے قبل انھوں نے سوناکشی سنہا کو اپنی فلم 'دبنگ' سے لانچ کیا تھا۔ سوناکشی سنہا اور ظہیر اقبال نے پھر سنہ 2022 میں ایک ساتھ 'ڈبل ایکس ایل' نامی فلم میں کام کیا لیکن اس دوران لوگوں کو ان کے درمیان پروان چڑھتی محبت کی خبر نہیں تھی۔ لیکن گذشتہ سال دونوں سلمان خان کی بہن ارپتا خان کی عید پارٹی میں جب ایک جوڑے کے طور پر شریک ہوئے تو ان کے رشتے اور قربتوں کی باتیں ہونے لگیں۔ ظہیر اقبال کا تعلق ایک امیر گھرانے سے ہے۔ ان کے والد اقبال رتنسی ایک جوہری اور بزنس مین ہیں۔ ان کی والدہ گھریلو خاتون ہیں۔ ان کے خاندان کا سلمان خان کے ساتھ گہرا رشتہ ہے جیسا کہ اداکار کے ساتھ ظہیر کی بچپن کی تصویر سے ظاہر ہوتا ہے۔ ان کا پورا نام ظہیر اقبال رتنسی ہے۔ انھوں نے ممبئی سکاٹش سکول سے گریجویشن کیا جہاں فلم 'اینیمل' کے سٹار رنبیر کپور ان کے سینیئر تھے۔ ظہیر نے بالی وڈ میں 2019 میں 'دی نوٹ بک' نامی فلم سے کیریئر کا آغاز کیا جس میں کاجول کی بھانجی پرنوتن بہل ان کے ساتھ تھیں۔ سلمان خان کی پروڈیوس کردہ یہ فلم تھائی فلم 'دی ٹیچرز ڈائری' پر مبنی تھی۔ سنہ 2022 میں ظہیر نے سوناکشی سنہا اور ہما قریشی کے ساتھ ایک سوشل کامیڈی فلم 'ڈبل ایکس ایل' میں کام کیا، جس میں دو بڑے سائز کی خواتین کو شہری علاقوں میں درپیش چیلنجوں کی عکاسی کی گئی تھی۔

## مسلمانوں کی سوچ اور مسلمانوں کا ووٹ!!

از: جاوید اختر بھارتی ـــــــــــــــــــ



ہندوستان ایک عظیم الشان ملک ہے جمہوری نظام قائم ہے یہ ملک کل مذہبی، کل مسلکی، کل ذات برادری کا سنگم ہے کہیں مندر میں گھنٹہ بجتا ہے تو کہیں مسجد میں اذان کے کلمات بلند ہوتے ہیں، کہیں گرجا گھروں میں عبادت ہوتی ہے تو کہیں گردواروں میں گرونانک کی تعلیم دی جاتی ہے،، سب لوگ الیکشن بھی لڑتے ہیں اور سب لوگ ووٹ بھی دیتے ہیں،، سب کی سوچ کا دائرہ وسیع ہوتا جا رہا ہے لیکن مسلمانوں کی سوچ کا دائرہ چھوٹا ہوتا جا رہا ہے،، ملک میں چھوٹے بڑے ہر سماج کے اندر سیاسی بیداری آگئی حصہ داری مانگنے لگے اور حصہ داری ملنے بھی لگی 2024 کے پارلیمانی الیکشن کی گہما گہمی ختم ہوگئی، ساتوں مرحلے کی پولنگ مکمل ہوئی، گنتی شروع بھی ہوئی اور اختتام پذیر بھی ہوئی نتائج بھی آگئے انڈیا اتحاد جہاں ڈھائی سو سیٹ بھی حاصل نہیں کرسکا وہیں بی جے پی اکیلے 240 سیٹ حاصل کرکے سب سے بڑی پارٹی بن کر ایک بار پھر ابھری اور مرکز میں حکومت بھی بنالی

چھ ہفتوں میں سات مراحل کے ساتھ اختتام پذیر ہونے والے 2024 کے پارلیمانی الیکشن پر نظر دوڑائیں تو سب سے بے وقوف قوم مسلمان نظر آئی جس کا کوئی لیڈر نہیں اور کوئی پارٹی نہیں آسام سے ایک پارٹی تھی تو وہ بھی اس الیکشن میں بجھ گئی اس کے لیڈر ریکارڈ توڑ ووٹوں سے بدترین شکست کے شکار ہوئے دوسری پارٹی مجلس اتحاد المسلمین جس کے لیڈر اسدالدین اویسی کامیاب ہوئے اویسی صاحب بھی قوم کو سیاسی طور پر بیدار کرنے کی بہت کوشش کرتے ہیں مگر قوم مسلم ہے کہ بیدار بھی نہیں ہوتی اور نہیں تو ان کے اوپر بی جے پی کا ایجنٹ ہونے کا الزام بھی لگاتی ہے اس سلسلے میں راقم السطور کی ایک سماجی رہنما سے ملاقات ہوئی تو تبادلۂ خیال میں یہ بات سامنے آئی کہ ملک میں کوئی سیاسی پارٹی ایسی نہیں ہے جو ہندو مذہب کے نام پر ہو ہاں یہ الگ بات ہے کہ اس کا ایجنڈا ہندوتوا پر مبنی ہو اور وہ کسی مذہب کو بڑھاوا دے لیکن پارٹی کا نام مذہبی بنیاد پر نہیں ہوتا دوسری طرف مسلم پارٹی کا نام ہی کچھ ایسا ہوتا ہے اور لیڈروں کی ایسی جذباتی تقریریں ہوتی ہیں اور ساتھ ہی ساتھ سیاسی بیداری کے اعتبار سے ایک طرف ہندو مذہب کی برادریوں کی بات کرتے ہیں اور دوسری طرف صرف مسلمانوں کی بات کرتے ہیں حالانکہ جیسے ہندوؤں میں ذات برادری ہے ویسے ہی مسلمانوں میں بھی ذات برادری ہے لیکن سچائی کا سامنا نہ کرنے کی وجہ سے اور ٹال مٹول والی باتوں کی وجہ سے ہی ایجنٹ ہونے کا الزام لگتا ہے مثلاً ایک طرف یادو، کرمی، چوہان، پرجاپتی، لوہار، کمہار، راجبھر وغیرہ کا نام اور ان کی بات تو دوسری طرف مسلمانوں کی بات جبکہ مسلمانوں میں بھی انصاری، منصوری، قریشی، راعین، سلمانی، ادریسی، دفالی وغیرہ نام سے بہت سی برادریاں ہیں تو پھر کیوں اندھیرے میں رکھا جاتا ہے ہندوؤں میں بھی بیک ورڈ فارورڈ ہیں اور مسلمانوں میں بھی بیک ورڈ فارورڈ ہیں تو یہ ٹال مٹول اور جھوٹ کا سہارا لینے والی بات نہیں ہے کہ ایک طرف ہم ہندوؤں کی برادریوں کی آبادی اور تناسب کی بات کرتے ہیں تو دوسری طرف مسلمانوں کی برادریوں کو چھپا کر صرف مسلمانوں کی آبادی اور تناسب کی بات کرتے ہیں یہ حقائق پر پردہ ڈالنا نہیں تو اور کیا ہے، مسلمان ہو کر خود مسلمانوں کو دھوکا دینا نہیں تو اور کیا ہے،، اسے بھی مسلمانوں کی چھوٹی سوچ کہا جاسکتا ہے،، آیئے مسلمانوں کی سوچ کی ہی بات کرتے ہیں جب تک الیکشنی ماحول تھا تو جہاں ہر سماج کا اپنا کوئی نہ کوئی ایجنڈا تھا مگر مسلمانوں کا اور مسلمانوں کی ہر برادری کا صرف ایک ایجنڈا تھا کہ بی جے پی کو ہرانا ہے اور یہی ایجنڈا وی پی سنگھ کی حکومت گرنے کے بعد سے اب تک چلا آرہا ہے یوں لگتا ہے کہ بی جے پی کو ہرانا مسلمانوں کا ٹھیکہ اور ذمہ داری ہے،، یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ تمام سیاسی پارٹیاں جب مسلمانوں کے بیچ جاتی ہیں تو وہ ان کو بی جے پی سے ڈراتی ہیں جس کے نتیجے میں اترپردیش کا مسلمان تو ایسے ووٹنگ کرتا ہے کہ یہ احساس ہوتا ہے کہ وہ بی جے پی سے خوفزدہ بھی ہے اور ووٹ کی اہمیت سے ناواقف بھی ہے،، سوال یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ آخر ہندوستان جیسے جمہوری ملک میں مسلمانوں کی سوچ کب تبدیل ہوگی جبکہ 1989 کے بعد سے ملک میں تمام چھوٹے چھوٹے سماج و طبقے اس قدر سیاسی طور پر بیدار ہوگئے کہ تمام سیاسی پارٹیاں انہیں حصہ داری دینے کے لئے مجبور ہیں اور مسلمان ہے کہ دری بچھا کر خوش، نعرہ لگا کر خوش، صبح سے شام تک پر چار گاڑی پر گھوم کر چند روپئے مل جانے پر خوش، بی جے پی کو اکثریت نہ ملنے پر خوش، نتیش کمار اور چندرا بابو نائیڈو سے این ڈی اے چھوڑنے کی امید رکھ کر خوش،، اس وقت چائے خانوں میں چائے کی چسکیاں لے کر این ڈی اے حکومت کب تک چلے گی اس کی پیشین گوئی کر کے خوش ہو رہا ہے اور اتنا خوشی ظاہر کر رہا ہے کہ یوں لگتا ہے کہ بی جے پی کی قیادت والی این ڈی اے حکومت چالیس دن بھی نہیں چلے گی لیکن اپنی پہچان بنانے کی اور اپنی قیادت پیدا کرنے کی یا موجودہ مسلم لیڈران کی قیادت کو تسلیم کرنے کی اور مضبوط کرنے کی ذرہ برابر فکر نہیں،، جبکہ ضروری ہے اور وقت کی پکار ہے کہ قوم مسلم اپنے سینے میں خود قوم مسلم کا درود پیدا کرے اور مسلم قیادت کو مضبوط کرے تاکہ اس جمہوری ملک میں مسلمانوں کا بھی ٹھوس سیاسی لائحہ عمل ہو اور مستقبل روشن ہو،، سیاسی حکمت عملی و لائحہ عمل نہ ہونے کے نتیجے میں بدرالدین اجمل، امتیاز جلیل، یعقوب انصاری وغیرہ الیکشن ہار گئے اور جو مسلم ممبران پارلیمنٹ جیتے ہیں وہ خود مختار نہیں ہیں ان کے اوپر پارٹی کا باؤنڈیشن ہے پارٹی کی جو گائڈ لائن اسی کے مطابق انہیں کام کرنا ہے ورنہ پارٹی خود ان کے پر کتر دے گی اور ماضی میں یہ سب کچھ دیکھا جاچکا ہے،، ایک الیکشن سے دوسرے الیکشن کا درمیانی وقت بہت قیمتی ہوتا ہے اور ان وقتوں میں مسلم لیڈران و مسلم سیاسی پارٹیاں خاموش ہو جاتی ہیں جبکہ یہی موقع ہوتا ہے کہ وہ زمینی سطح پر کام کریں چھوٹی بڑی آبادی میں پہنچ کر ووٹوں کی طاقت و اہمیت کو سمجھائیں اور مسلم سیاسی شناخت قائم کرنے کی مہم چلائیں، چھوٹے چھوٹے سماج جو سیاسی طور پر بیدار ہوگئے ان کا حوالہ دیں ان کی مثالیں دیں ملک کے آئین نے ہر ہندوستانی کو جو حق دیا ہے اسے بتائیں سیاست سے قریبی اور دوری کے جو فوائد اور نقصانات ہیں اس سے آگاہ کریں تو ضرور ایک کامیاب راہ ہموار ہوگی سیاسی کھیت میں فصل تیار ہوگی یاد رہے کہ صرف نتیش و نائیڈو سے حکومت گرانے کی امید سے بھلا ہونے والا نہیں اور بغیر کوئی سمجھوتہ و معاہدہ کے آنکھیں بند کر کے ووٹ دینے سے بھلا ہونے والا نہیں۔

## ۱۸ ذی الحجہ یوم شہادت خلیفہ سوم سیدنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سمرہ عبدالرب، فتح گڑھ فرخ آباد ـــــــــــــــــــ

سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ" کے نام میں ایک ایسی خوشبو ہے جس نے لباس اور اجسام کو نہیں بلکہ تمام مؤمنین کی روح کو عطر بیز کر رکھا ہے، یہی وہ نام ہے جس سے محبت کے پروانے ہمارے ایمان اور راہ راست کی شمع کے اردگرد تزئین کا کام کر رہے ہیں۔۔

خوبصورت چہرہ، میانہ قد، سپید و سرخ رنگ، ستواں ناک، گنجان ریش، کانوں تک بال رکھنے والی یہ خوبرو شخصیت وہی ہے جس کو ذوالنورین کا لقب ملا اور تمام انبیاء میں سے تنہاء آپ ہی کو کسی نبی کی ایک سے زائد بیٹیوں سے نکاح کا شرف حاصل ہوا۔۔

اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفائے راشدین میں سے آپ، حیاء اور پاکدامنی کا استعارہ آپ، عشرہ مبشرہ میں سے آپ، اسلام قبول کرنے والے چوتھے شخص آپ، ہر جمعہ کو محض اللہ کے لئے غلام آزاد کرنے والے آپ، زمانہ جاہلیت میں بھی کبھی زنا نا کرنے والے آپ، اسلام لانے سے قبل کبھی چوری نا کرنے والے آپ، کبھی بدی کی تمنا نا کرنے والے آپ، گانے بجانے میں کبھی شرکت نا کرنے والے آپ، جود و سخا میں سبقت کرنے والے آپ، غناء کے بام عروج کو پہنچنے والے آپ، قرآن کریم کو جمع کرنے والے چنندہ افراد میں سے آپ۔۔۔

یہ آپ کی خوب سیرتی اور سلیم الفطرت ہونے کی مثال ہے کہ زمانہ جاہلیت میں بھی آپ ان چیزوں سے محتاط رہے جس کی ممانعت دین اسلام میں ہے۔۔

یہ آپ کی خوب سیرتی تھی۔ اور خوبصورتی کا اندازہ اس سے لگائے کہ علامہ سیوطی اپنی کتاب تاریخ الخلفاء میں ابن عساکر رح کا حوالہ دیکر رقم طراز ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید رح کو ایک مرتبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بادیہ گوشت دیکر حضرت ذوالنورین کے گھر بھیجا، حضرت اسامہ رض فرماتے ہیں کہ زوجین دونوں بیٹھے ہوئے تھے میں کبھی حضرت رقیہ کی چہرہ کی جانب دیکھتا تو کبھی حضرت عثمان غنی رض کی جانب، جب میں وہاں سے واپس لوٹا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ اے اسامہ کیا تم نے ان دونوں میاں بیوی سے خوبصورت میاں بیوی دیکھے؟ تو میں نے فرمایا نہیں یا رسول اللہ۔۔۔

جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی وفات ہوئی تو اس کے تین دن بعد آپ کے ہاتھ پر بیعت کی گئی اور آپ کی خلافت میں کئی فتوحات ہوئیں، آرائش اور آسائش کے سامان مہیا کئے گئے، ترقیات ہوئیں۔ شروع کے چھ سال تک اسی طرح سب چلتا رہا اور تمام صحابہ والی مقرر ہوتے رہے اسکے بعد کے چھ سال میں آپ پر الزامات لگے اور بات اس درجہ پہنچ چکی تھی کہ ایک جم غفیر نے آپ کے گھر کا محاصرہ کرلیا اور آپ کو وہیں نظر بند کر دیا گیا اس کے بعد کیا ہوا؟ وہ ہوا جو لکھا نہیں جاسکتا۔ یہاں تک کہ پانی کی بھی بندش کر دی گئی اور پھر آخر میں ۱۸ ذی الحجہ کو آپ کا قتل کر دیا گیا۔ اور یہ اختلاف ایک ایسے عظیم سانحہ میں تبدیل ہوا جس کے بارے میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلا فتنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت ہے اور سب سے آخری فتنہ خروج دجال ہوگا (ابن عساکر)

اور یہیں سے پھر خلافت میں اختلافات کی شروعات ہوئی جو آخر تک ختم نا ہوئی ۔۔

صحابہ ہمارے سروں کے تاج ہیں حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ ہمارے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمارے سر کے تاج ہیں ۔

کل بروز قیامت ہم آپ کے قدموں سے اٹھائے جائینگے ان شاءاللہ۔ رضی اللہ عنہ ورضوعنہ"

## "کچھ نہیں ہوتا ابھی بچی ہے"

قیصر محمود عراقی، کریگ اسٹریٹ، کمرہٹی، کولکاتا۔ ۵۸۔ Mob:6291697668



موجودہ دور میں محبت کے مطلب سے لوگ ناواقف ہیں جس کی بدولت لفظ محبت بدنام ہو گیا ہے، کیونکہ ہم اس کے اصل مطلب سے آگاہ نہیں ہیں۔ آج کل محبت کا مطلب ہوس ہے جبکہ محبت ایک بندگی ہے۔ آج کل ہمارے معاشرے مین عورت کو محبت کے نام پر دھوکہ دیا جاتا ہے، اسلام کے رو سے اگر آپ عورت کو عزت دینا چاہتے ہیں تو اس سے نکاح کریں اور اس کی عزت و آبرو کی حفاظت کریں، لیکن کیا ہوتا ہے کہ ہم صرف اور صرف محبت کرتے ہیں یعنی دھوکہ کرتے ہیں، نکاح سے دور بھاگتے ہیں۔

موجودہ دور میں اپنی بچی کی حفاظت میں ماں کا بہت اہم کردار ہوتا ہے کیونکہ ماں کی گود پہلی درس گاہ ہوتی ہے جہاں سے انسان وہ سب کچھ سیکھ لیتا ہے جو اس کو معاشرے میں سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ماں ہی اپنی بچی کو اس معاشرے کے مطابق چلنا پھرنا اور لباس کا درست استعمال سکھاتی ہے۔ ہمارے معاشرے میں ہر مرد کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنے سے کم عمر کی لڑکی سے شادی کرے حالانکہ یہی مرد برائی کرتے وقت عورت کی عمر نہیں دیکھتا، اس لئے ماں کو اپنی بچیوں کو بچانے کے لئے ان کے تہذیب و آرائش پر خصوصی توجہ دینی چاہیئے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ عورت اپنے خاص اعضا، جو کسی مرد کی توجہ کا مرکز بنیں ان کو نامحرم سے پردے میں رکھے لیکن اس کے ماں باپ کہتے ہیں کہ کچھ نہیں ہوتا ابھی بچی ہے۔ یہ تو بچی ہے لیکن دوسروں کی نظروں سے آپ اس کو کیسے بچا سکتے ہیں۔ اسی طرح دوپٹہ عورت کی زینت ہے مگر دیکھنے میں آتا ہے دوپٹہ تو ہوتا ہی نہیں اگر ہو بھی تو برائے نام ہوتا ہے کیونکہ اس کو سر پر رکھنے کے بجائے گلے میں لٹکایا جاتا ہے اور اگر والدین سے پوچھو تو بس ایک ہی جواب آتا ہے کہ ابھی بچی ہے۔ اسی طرح شادیوں میں ڈانس، چھوٹی آستینیں، تنگ کپڑے اور دور کے رشتے داروں کے ساتھ مارکٹوں کے چکر یہ سب کیا ہے تو بس ایک ہی جواب ہے، ابھی بچی ہے کچھ نہیں ہوتا، اسی طرح کچھ نہیں ہوتا کچھ نہیں ہوتا کہتے کہتے سب کچھ ہو جاتا مگر اس وقت ہمارے پاس صرف اور صرف پچھتاوا ہی بچ جاتا ہے۔

اس لئے ذرا سی احتیاط سے ہم انہ ہوس پرستوں سے اپنی بچیوں کو بچا سکتے ہیں بس ماں اگر یہ جملہ بولنا بند کر دے کہ ابھی بچی ہے کچھ نہیں ہوتا۔ ماں کو اپنی بچیوں کے لباس پر خاص خیال رکھنا چاہیئے تاکہ ہم ان کی حفاظت اچھی طرح کر سکیں اور ان درندوں سے ان کو بچا سکیں جس کی بدولت ہزاروں لڑکیوں کی زندگی برباد ہو جاتی ہے۔ اکثر اوقات کچھ اوباش قسم کے لوگ بچیوں کو ایک کہانی کی طرح محبت کا دھوکا دیتے ہیں اور ان سے جھوٹے پیار و محبت کا دعویٰ کرتے ہیں اور پھر ان کی عزت کو پامال کرتے ہیں۔ اگر ماں باپ تھوڑی سی بھی توجہ دیں تو ان بچیوں کو ایسے جال سازوں سے بچا سکتے ہیں۔ لیکن ہم تو دنیا کی زندگی میں اتنے مصروف ہو چکے ہیں کہ ہمیں اپنے گھروں کا خیال تک نہیں ہے جس کا نتیجہ ایک دن بہت بھیانک صورت میں سامنے ہوتا ہے اس لئے پیسے کماؤ لیکن اس کو اپنی اولاد پر خرچ کرو، جب والدین ان کی ضرورت کا خیال نہیں رکھینگے تو ظاہر سی بات ہے کہ وہ اپنی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے کسی اوباش لوگوں کی صحبت اختیار کرینگی جس کا نتیجہ بہت ہی برا ہوتا ہے جس کے بعد ہم منہ دکھانے کے قابل نہیں رہتے لیکن اس وقت ہمارے پاس ایک پچھتاوا ہوتا ہے۔

لہٰذا اپنے بچوں اور بچیوں کی تعلیم و تربیت اور ان کی ضروریات کا خیال رکھنا ہمارا اولین فرض ہے۔ اصل محبت تو وہ ہے جو نکاح دو بولوں کے بعد دل کی زمین پر خودبخود اس طرح اگتی ہے جیسے بارش کے بعد خودبخود ہریالی۔ لیکن اگر اس ہریالی کو نکاح کے بندھن سے پہلے کاشت کرنے کی کوشش کی جائے تو وہ دل کی زمین کو بنجر اور سیم زدہ بنا دیتی ہے۔

# حضرت عمر فاروق اعظم: فضائل وکمالات

تحریر:-محمد تحسین رضا نوری شیرپور کلاں پورن پور پیلی بھیت

جن خوش نصیبوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایمان کی حالت میں دیکھا اور ایمان ہی پر انکا خاتمہ ہوا ان خوش نصیبوں کو صحابی کہتے ہیں۔ کوئی غیر صحابی زندگی بھر شب و روز عبادت، ریاضت اور مجاہدہ میں گزارنے کے بعد بھی کسی صحابی کے مرتبہ کو نہیں پہنچ سکتا۔ یہ وہی صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ہیں جن کے تعلق سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے "اصحابی کالنجوم" کا مژدہ سنایا۔ اور جن کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے صحابہ کی کہاوت (مثال) ایسی ہے جیسے کھانے میں نمک، اور کھانا بغیر نمک کے کسی قابل نہیں ہوتا۔

انہیں جگمگاتے ستاروں میں ایک روشن ستارے کا نام "خلیفہ دوم حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ" ہے، امام العادلیں، غیظ المنافقین، مراد مصطفیٰ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُس عظیم ہستی کا نام ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے چنا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے آپ کو ایمان کی دولت عطا فرمائی۔ اور آپ کے ایمان قبول کر لینے کے بعد خانہ کعبہ میں پہلی مرتبہ کھل کر نماز ادا کی گئی، حضرت عمر کا اسلام لانا مسلمانوں کے لیے عزت کا سبب بن گیا،

شیخین کریمین (حضرت سیدنا ابو بکر صدیق، اور حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کے افضل الخلق بعد الرسل ہونے پر سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد رسالت ہی سے جملہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اور اُن کے بعد جملہ تابعین و تبع تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا اجماع چلا آ رہا ہے۔ حدیث شریف میں ہے: "خیر الناس بعد رسول اللہ ابو بکر و خیر الناس بعد ابی بکر عمر" لوگوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے بہتر حضرت ابو بکر صدیق ہیں، اور حضرت ابو بکر صدیق کے بعد لوگوں میں سب سے افضل حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں (صحیح بُخاری، ابن ماجہ)

اور امام دارقطنی "سنن" میں اور ابو عمر بن عبد البر حکم بن جل سے روای حضرت مولی علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں: "لا اجد احدا فضلنی علی ابی بکر و عمر الا جلدتہ حد المفتری" میں جسے پاؤں گا کہ مجھے حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے افضل کہتا ہے میں اسے مفتری کی حد لگاؤں گا۔ امام ذہبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں" یہ حدیث صحیح ہے" (افضلیت صدیق اکبر و فاروق اعظم)

عظمت فاروق اعظم احادیث کی روشنی میں:

حدیث شریف میں ہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، (اے عمر) جب بھی شیطان تم کو کسی راستے پر چلتے ہوئے دیکھتا ہے، تو آپکی ہیبت کی وجہ سے بھاگ کھڑا ہوتا ہے اور دوسرا راستہ اختیار کر لیتا ہے"۔ (بُخاری)

یہ ایسی ہیبت و جلال رب تعالیٰ نے حضرت عمر کو عطا فرمائی کہ فساق و فجار تو دور خود شیطان ملعون بھی آپ کو دیکھ کر اپنا راستہ بدل لیتا تھا۔ خود امام اہل سنت اعلیٰ حضرت ایک حدیث کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں: "شیطان اس جناب کے سائے سے بھاگتا، اور جب چہرہ اقدس پر نظر پڑتی تازیانہ جلال فاروقی کی تاب نہ لاکر منہ کے بل گر پڑتا"۔ (مطلع القمرین)

گلی سے اُن کی شیطاں دم دبا کر بھاگ جاتا ہے
ہے ایسا رعب ایسا دبدبہ فاروق اعظم کا

حضرت سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ: "جب حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام قبول کیا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیشک آسمان والے فرشتے حضرت عمر کے اسلام لانے پر خوش ہیں۔ (ابن ماجہ)

ایک اور حدیث شریف ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "ابھی ایک جنتی مرد تمہارے پاس آئے گا، تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ آ گئے۔ پھر آپنے ارشاد فرمایا: "یطلع علیکم رجل من اھل جنۃ" ایک جنتی شخص تمہارے پاس آئے گا، تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آ گئے"۔ (ترمذی)

ایک اور مقام پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب" اگر میں بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر ہوتے۔

یعنی آپکی فطرت اتنی کامل تھی اگر دروازہ نبوت بند نہ ہوتا تو محض فضل الٰہی سے وہ نبی ہو سکتے تھے کہ اپنی ذات کے اعتبار سے نبوت کا کوئی مستحق نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "مدینے کے دونوں کناروں کے درمیان عمر سے بہتر کوئی مرد نہیں ہے"۔ (فضائل الصحابۃ لامام احمد بن حنبل)

حضرت عمر کا عشق رسول:

ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہاتھ تھاما ہوا تھا، کہ آپ بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں عرض گزار ہوئے، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: "اللہ تعالیٰ کی قسم! آپ مجھے میری جان کے علاوہ باقی ہر چیز سے زیادہ محبوب ہیں"۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک (کامل) مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اُس کی جان سے بھی زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں"۔ تب حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: "اللہ پاک کی قسم! اب آپ میرے نزدیک میری جان سے بھی زیادہ محبوب ہیں"۔ پھر آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اے عمر! اب تمہارا ایمان مکمل ہوا"۔ (مسند احمد)

سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی تشریح میں ارشاد فرمایا: اقول: (میں کہتا ہوں) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تنبیہ نے امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طبیعت پر ایسا غلبہ کیا، کہ اختیاری محبت کے انتہائی جوش نے طبعی محبت کو دبا لیا بلکہ فنا کر دیا، اور طبعی طور پر بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم آپکی جان سے زیادہ محبوب ہو گئے۔ (حاشیہ اذاقۃ الآثام)

حضرت فاروق اعظم کا علم

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: "میں سو رہا تھا تو مجھے دودھ کا پیالہ دیا گیا، تو میں نے اتنا پیا کہ میں نے آسودگی کو اپنے ناخنوں سے نکلتے ہوئے دیکھنے لگا۔ پھر میں نے اپنا بچا ہوا دودھ عمر بن خطاب کو دیا"۔ لوگوں نے پوچھا: "یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس خواب کی آپنے کیا تعبیر فرمائی؟ ارشاد فرمایا: "علم"۔ (بُخاری)

یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا عطا کیا ہوا تبرک ہے، جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عطا فرمایا...

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت:

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد قباء کی تعمیر فرمائی، تو سب سے پہلا پتھر رکھنے کے بعد ارشاد فرمایا: اب ابو بکر ایک پتھر میرے رکھے ہوئے پتھر کے قریب رکھیں، پھر ارشاد فرمایا کہ اب عمر ایک پتھر ابو بکر کے رکھے ہوئے پتھر کے قریب رکھیں، پھر فرمایا: اب عثمان ایک پتھر عمر کے رکھے ہوئے پتھر کے قریب رکھیں، پھر فرمایا: یہی میرے بعد خلفاء ہوں گے (تاریخ ابن عساکر، جلد ۳۰) حضرت عمر فاروق اعظم کی خلافت پر جملہ صحابہ کرام کا اجماع ہے، جس کو محدثین نے تفصیلاً ذکر کیا ہے، آپکے دور خلافت میں آپکو بہت سی جنگوں میں بہت سی فتوحات حاصل ہوئیں، چاہیں ایک چھوٹا سا گھر ہو یا بہت بڑی ریاست۔ اُس کے عدل و انصاف کا قیام اور ظلم و زیادتی کی روک تھام ناگزیر ہے۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی خلافت کے ابتدائی ایام میں ہی اس بات کی وضاحت فرما دی، کہ اگر میری ذات کے اندر آپ حضرات سختی محسوس کرتے ہیں تو قطعا اس کی طرف توجہ کرنے کی حاجت نہیں، کیوں کہ جو شخص شریعت کی پاسداری کریگا میری یہی سختی اُس کے لیے خالص نرمی اور مہربانی میں تبدیل ہو جائے گی، اور عدل و انصاف تو ظالم کے لئے بھی ہے، البتہ جس نے ظلم و زیادتی کی اُسے سخت سزا ملے گی نیز ذلت و رسوائی اُس کا مقدر ہوگی۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انفرادیت یہ ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ واحد وہ فاتح ہیں، جنہوں نے اپنے عہد خلافت میں کسی جنگ میں شرکت نہ کی لیکن ہر لشکر کا کنٹرول آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ میں رہا۔ آپ کی فتوحات صرف مادی وسائل پر منحصر نہیں تھی بلکہ آپ کو روحانی تصرف بھی حاصل تھا۔ آپ مدینے شریف میں بیٹھے بیٹھے اپنے لشکر کو ہدایات جاری فرماتے۔ اور وقتاً فوقتاً اُنہیں آلام و مصائب کی خبر دیتے۔

ایک بار مسجد نبوی میں جمعۃ المبارک کا خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک خطبہ ترک کر کے تین بار پکار کر کہا: "یا ساریۃ الجبل" اس کے بعد دوبارہ خطبہ دینے لگے۔ جمعۃ المبارک کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے چہ مہ گوئیاں شروع کر دیں کہ امیر المومنین نے دوران خطبہ بے ربط جملے بولے ہیں۔ حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ سن کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نکتہ چینی سے آگاہ کیا۔ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: واللہ دوران خطبہ میں یہ دیکھ کر بے قرار ہو گیا کہ ساریہ اور اس کے ساتھی دشمن کے گھیرے میں آ رہے تھے، اس لئے میں نے ساریہ کو متنبہ کیا کہ اے ساریہ پہاڑ کی پناہ لے۔ کچھ عرصہ بعد حضرت ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھیجا ہوا قاصد خط لے کر مدینہ پہنچا۔ خط کا مضمون یہ تھا کہ جمعۃ المبارک کو دشمن نے ہم پر حملہ کیا۔ ہم نے ان سے لڑنا شروع کیا یہاں تک کہ نماز جمعہ کا وقت ہو گیا۔ پس اس وقت ہم نے ایک پکارنے والے کی آواز سنی جس نے پکارا "الجبل"، "الجبل" اس وقت ہم تباہی کے قریب پہنچے ہوئے تھے۔ یہ آواز سن کر ہم پہاڑ کے دامن میں چلے گئے اور اس طرح اللہ تعالیٰ نے ہم کو فتح عطا فرمائی۔ (تاریخ طبری)

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ 13 ہجری میں مسند خلافت پر جلوہ فرما ہوئے اور دس سال چھ ماہ تک فائز رہے۔

آپ کا وصال:


تاریخ عالم کے اس عظیم حکمران کی پوری زندگی عزت و شرافت اور عظمت کے کارناموں کی اعلیٰ مثال تھی۔ 26 ذی الحجۃ الحرام کی صبح ایک مجوسی غلام ابولؤلؤ فیروز نے آپ پر فجر کی نماز کے دوران قاتلانہ حملہ کیا اور شدید زخمی کر دیا۔ یکم محرم الحرام 24 ہجری روضۂ رسول میں خلیفۂ اوّل حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پہلو میں دفن کیا گیا۔ اللہ تعالی ہم سب کو حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسا حکمران عطا فرمائے اور ہم سب کو اُن کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین یا رب العالمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## گوشت خوری سے تیزابیت، جوڑوں میں درد اور دیگر طبی مسائل سے کیسے بچا جائے؟

گھروں کے دسترخوانوں میں کلیجی، نہاری، حلیم اور قورمہ سمیت دیگر ڈشز سجنے کے بعد ابتدائی طور پر بعض لوگوں کو احتیاط نہ برتنے پر تیزابیت، ہارٹ برن، قبض اور فوڈ پوائزننگ جیسی شکایات رہتی ہیں۔ مگر ڈاکٹروں نے کولیسٹرول، بلڈ پریشر اور یورک ایسڈ جیسے طبی مسائل کا شکار افراد کو پہلے سے ہی ریڈ میٹ کے استعمال میں اعتدال کا مظاہرہ کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ ماہرین صحت کے مطابق نہ تو سبھی لوگوں کو گوشت کی ایک جتنی مقدار کھانے کا مشورہ دیا جا سکتا ہے اور نہ ہی ریڈ میٹ کے بعض فوائد کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ مگر کیا گوشت کا اچانک زیادہ استعمال ہماری روزمرہ زندگی میں نیند اور جوڑوں میں درد جیسے مسائل پیدا کر سکتا ہے؟ تصویر کا کیپشن ماہرین کا مشورہ ہے کہ آپ اپنی باربی کیو پارٹی سے قبل کچھ سلاد اور دہی بھی کھالیں ہیلتھ رائٹر ہالی میک ہیو نے بی بی سی سائنس فوکس کے لیے لکھا ہے کہ ریڈ میٹ اور نیند کا آپسی تعلق ایک متنازع معاملہ ہے۔ کچھ لوگوں کو یہ شکایت رہتی ہے کہ ان کی نیند متاثر ہوتی ہے تو بعض کی رائے ہے کہ اس کی بدولت وہ اچھی طرح سو پاتے ہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ ریڈ میٹ کے استعمال سے آپ کو نیند آنے لگتی ہے تو اس کی وجہ اس میں فیٹ (چکنائی) اور پروٹین کی وافر مقدار ہے۔ انھیں ہضم کرنے کے لیے آپ کے جسم کو بہت زیادہ توانائی درکار ہوتی ہے جس سے آپ تھکاوٹ یا سستی محسوس کرتے ہیں۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ سونے سے پہلے ریڈ میٹ کھائیں کیونکہ تحقیق سے پتا چلتا ہے کہ دیر رات کو یہ کھانے سے آپ کی نیند متاثر ہو سکتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہاضمے کا نظام اس وقت اتنا فعال نہیں رہتا جب آپ آرام کرنے کی حالت میں ہوں اور یہ آپ کے قدرتی باڈی کلاک پر اثر انداز ہوتا ہے۔ سلیپ اپنیا اور ایسڈ ریفلکس بھی نیند کو متاثر کر سکتے ہیں۔ ریڈ میٹ میں امینو ایسڈز ٹرائپٹوفن اور ٹائیروسین شامل ہے جس سے جسم میں سروٹنن، ڈوپامین اور میلوٹونن جیسے کیمیکل بنتے ہیں۔ یہ تمام کیمیکل باڈی کلاک اور نیند کو کنٹرول کرتے ہیں۔ ایک حالیہ تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ گوشت کھانے سے نیند کے دورانیے اور معیار میں کمی آتی ہے اور یہ حالت بگڑ سکتی ہے اگر مزید گوشت کھایا جائے۔ سائنسدانوں کا خیال ہے کہ ریڈ میٹ میں دوسرے امینو ایسڈ بھی ہوتے ہیں جو دماغ میں جذب ہونے کے لیے ایک دوسرے سے مدمقابل ہوتے ہیں۔ یعنی ٹرائپٹوفن اور ٹائیروسین کی کم دستیابی کی وجہ سے نیند کا باعث بننے والے کیمیکل نہیں بن پاتے اور اسی لیے جسم ایسا ردعمل نہیں دیتا کہ جلدی نیند آ جائے۔ یہ اس پر منحصر ہے کہ ایک کھانے میں کون سے مخصوص امینو ایسڈ شامل ہیں، ایک شخص کی نیند کی روٹین اور ہاضمے کی صلاحیت کیسی ہے اور اس کا جسم مختلف غذائی اجزا کی صورت میں کیا ردعمل دیتا ہے۔ آرتھوپیڈک سرجن اور ڈاکٹر عابد اللہ نیازی کا کہنا ہے کہ عام طور پر ریڈ میٹ کے زیادہ استعمال سے پرہیز کا مشورہ ان مریضوں کو دیا جاتا ہے جو یورک ایسڈ، رینل (گردے)، جگر اور دل کے امراض میں مبتلا ہیں، یا ان کی ذیابیطس کنٹرولڈ نہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہر مریض کے لحاظ سے ان کے لیے گوشت کی مقدار متعین کی جاتی ہے اور آپ سبھی کو ایک جتنا گوشت کھانے یا نہ کھانے کا نہیں کہہ سکتے۔ 'یہ مریض کی حالت پر منحصر ہے۔ سبھی کو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ آپ گوشت کھانے سے گریز کریں۔ اگر آپ صحت مند نہیں اور امراض میں مبتلا ہیں تو احتیاط کریں۔' ان کے مطابق مریض کی حالت کا جائزہ لینے اور بہت سے عوامل کو مدنظر رکھ کر ہی ڈاکٹر انھیں گوشت کے استعمال کے حوالے سے مشورہ دیتے ہیں، یعنی کون سا مریض کتنا گوشت کھا سکتا ہے۔ وہ بتاتے ہیں کہ عام طور پر گوشت کے زیادہ استعمال سے یورک ایسڈ بڑھ جاتا ہے، رینل (گردوں کے) مسائل ہو سکتے ہیں یا کولیسٹرول بڑھ سکتا ہے۔ اگر یورک ایسڈ بہت زیادہ بڑھ جائے تو اس سے جوڑوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ اس سے گردے کی پتھری کی شکایت بھی ہو سکتی ہے۔ ان کا مشورہ ہے کہ اگر کسی مریض کو تیزابیت کی شکایت ہے تو وہ گوشت کھانے سے گریز کرے۔ مثلاً میجر تھیلسیمیا سمیت ایسے کئی امراض ہوتے ہیں جن میں مریضوں کو گوشت کھانے کی اجازت نہیں ہوتی۔

## بین الاقوامی انسداد منشیات کی لت کا دن 26 جون 2024-تمباکو سے پاک تعلیمی ادارہ مہم کا آغاز









دنیا کا ہر ملک عالمی سطح پر منشیات کی لعنت کا شکار ہے جس کی کئی اقسام اور اقسام ہیں، جو اپنی اپنی سطح پر اسٹریٹجک قوانین اور ضابطے بنا کر اس سے نمٹنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ نشے کے خاتمے کے لیے سب سے اہم ضرورت انسانی زندگی کو بیدار کرنے کی ہے، اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے اقوام متحدہ نے 26 جون کو انسداد منشیات کا عالمی دن قرار دیا ہے، جسے دنیا بھر کے لوگ اپنے اپنے انداز میں استعمال کرتے ہیں۔ اس کے خاتمے کے لیے عوامی بیداری کیمپ چلا کر منایا جاتا ہے۔ بھارت میں 2020 سے 272 اضلاع کی نشاندہی کر کے منشیات کے خلاف مسلسل مہم چلائی جا رہی ہے لیکن اس کے باوجود صرف دو روز قبل کیکالاکورچی میں غیر قانونی شراب پینے سے 58 افراد ہلاک اور 156 سے زائد افراد کی حالت تشویشناک ہے۔ تمل ناڈو کا کرونا پورم علاقہ یہ سنگین ہے، جس پر روشنی ڈالنے کی ضرورت ہے، کیونکہ 272 شناخت شدہ اضلاع میں مایوسی کو روکنے کے لیے مسلسل مہم چلانے کے بعد بھی اگر اس طرح کے گھناؤنے واقعات ہوتے ہیں تو یہ ایک سنگین معاملہ ہے۔ میرا ماننا ہے کہ غیر قانونی شراب نوشی کی وجہ سے ہونے والی اتنی خوفناک موت کی ذمہ داری مقامی محکمہ انسداد منشیات اور پولیس پر عائد ہوتی ہے کیونکہ میرا ماننا ہے کہ غیر قانونی شراب ترتیب کے بغیر نہیں چل سکتی۔ میرے رائس سٹی گونڈیا میں بھی کچھ معلومات کے ذریعے میں نے درست طریقے سے پایا ہے کہ شراب کا غیر قانونی کاروبار صرف سیٹنگ کے ذریعے ہوتا ہے۔ میں نے ایسے دو لوگوں سے بات کی جو اب غیر قانونی شراب کا کاروبار چھوڑ کر دوسرے کاروبار کر رہے ہیں، مجھے یقین ہے کہ یہ صورتحال ہندوستان کے ہر ضلع میں ہوگی، جس کا نوٹس لیتے ہوئے مرکزی اور ریاستی حکومتیں باہمی تعاون سے سخت کارروائی کریں گی۔ لہذا تمل ناڈو شراب سکینڈل جیسے عوامی واقعات دوبارہ نہیں ہوں گے۔ تاہم یہ الگ بات ہے کہ اس سے قبل بھی ایسا واقعہ ہو چکا ہے اور کئی لوگ مارے جا چکے ہیں۔ چونکہ 26 جون 2024 کو انسداد منشیات کا عالمی دن ہے، آج ہم اس مضمون کے ذریعے میڈیا میں دستیاب معلومات کی مدد سے بات کریں گے کہ منشیات کے استعمال سے انسانی جسم جسمانی، ذہنی، معاشی اور اخلاقی نقصان کا شکار ہو جاتا ہے۔ دوستو، اگر ہم 26 جون 2024 کو بین الاقوامی انسداد منشیات کا دن منانے کی بات کریں تو ہر سال 26 جون کو بین الاقوامی انسداد منشیات کا دن منایا جاتا ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 7 دسمبر 1987 کو نشہ آور اشیاء کی روک تھام کے لیے یہ قرارداد منظور کی تھی اور اس کے بعد سے ہر سال یہ دن منایا جاتا ہے جس کا مقصد لوگوں کو منشیات کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا ہے۔ نشہ ایک ایسی بیماری ہے جو نوجوان نسل کو مسلسل اپنی لپیٹ میں لے رہی ہے اور انہیں کئی طرح سے بیمار کر رہی ہے۔ نوجوانوں کا ایک بڑا طبقہ شراب، سگریٹ، تمباکو اور منشیات جیسی زہریلی چیزوں کا استعمال کر کے نشے کی لت کا شکار ہو رہا ہے۔ آج فٹ پاتھ اور ریلوے پلیٹ فارم پر رہنے والے بچے بھی منشیات کا شکار ہو گئے ہیں لوگ حیران ہیں کہ جن بچوں کے پاس کھانے کے پیسے بھی نہیں ہیں وہ منشیات کیسے لے سکتے ہیں۔ لیکن نشہ کرنے کے لیے صرف نشہ ہی نہیں بلکہ نیل پالش، پیٹرول وغیرہ کی بو، وِکس اور زندو بام کو روٹی کے ساتھ پینا، کچھ ایسے نشہ بھی کیے جاتے ہیں، جو کہ انتہائی خطرناک نشے کی لت نے انسان کو اس حال تک پہنچا دیا ہے۔ اس سطح پر کہ اب انسان نشے کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتا ہے، نشے کی خاطر جرم بھی کر سکتا ہے۔ خواتین بھی نشے کے معاملے میں پیچھے نہیں ہیں۔ خواتین بھی زیادہ مقدار میں منشیات کا استعمال کرتی ہیں۔ ذاتی اور سماجی زندگی میں تناؤ، محبت کے رشتے، ازدواجی زندگی اور طلاق وغیرہ خواتین میں منشیات کی لت کے بڑھتے ہوئے نقصانات ہیں-(1) منشیات کے استعمال سے سب سے بڑا نقصان صحت کا ہے۔ یہ بیک وقت آپ کے جسم کے کئی حصوں پر منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ خاص طور پر یہ آپ کے دماغ کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے (2) نشے کا عادی شخص ہمیشہ اپنے خیالات میں مبتلا رہتا ہے (4) اے نشہ کرنے والا شخص معاشی، ذہنی اور جسمانی طور پر کمزور ہوتا ہے (5) نشہ کرنے والا شخص اپنے گھر والوں سے بالکل دور ہو جاتا ہے۔ نشہ صرف کھانے سے ہونا چاہیے، نشہ کسی بھی قسم کا ہو سکتا ہے۔ صرف آپ کی معلومات کے لیے، منشیات کی لت کی مختلف اقسام کو جانیں- (1) منشیات کا استعمال- منشیات کے استعمال میں شراب، سگریٹ، منشیات، ہیروئن، گانجہ، بھنگ وغیرہ شامل ہیں۔ (2) دیگر- محققین کے مطابق، ہر وہ چیز جس کی آپ کو لت لگ جاتی ہے۔، نشے کے زمرے میں آتا ہے۔ کچھ ایسی عادات ہیں جنہیں ترک کرنا بہت مشکل ہے جیسے کہ نشہ کے علاوہ چائے، کافی کا زیادہ استعمال، جدید آلات جیسے ویڈیو گیمز، سمارٹ فون، فیس بک وغیرہ بھی نشے کے زمرے میں آتے ہیں۔ دوستو، اگر ہم تمل ناڈو میں شراب کے غیر قانونی استعمال کے اسکینڈل کی بات کریں تو تمل ناڈو کے کلاکوریچی کرونا پورم علاقے میں غیر قانونی شراب پینے سے بیمار ہونے والوں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ 24 جون کی دوپہر 12 بجے تک غیر قانونی شراب پینے سے 58 افراد کی موت ہو چکی ہے۔

# راہل گاندھی لوک سبھا میں ہوں گے کانگریس پارلیمانی پارٹی کے لیڈر

نئی دہلی، 25 جون (یو این آئی) کانگریس لیڈر راہل گاندھی 18 ویں لوک سبھا میں کانگریس پارلیمانی پارٹی کے لیڈر بنائے گئے ہیں کانگریس جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال نے منگل کی شام کو پارٹی صدر ملکارجن کھڑگے کی رہائش گاہ پر پارلیمنٹ میں اپوزیشن اتحاد کی پارٹی لیڈروں کی میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کو یہ اطلاع دی انہوں نے کہا کہ کانگریس پارلیمانی پارٹی کی لیڈر سونیا گاندھی نے مسٹر گاندھی کو لوک سبھا میں کانگریس کا لیڈر مقرر کیا ہے اور یہ اطلاع پروٹیم اسپیکر بھرتہری مہتاب کو دے دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ مسٹر گاندھی کو حال ہی میں پارٹی کی اعلیٰ پالیسی ساز ادارہ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر بننے کی درخواست کی تھی۔ کانگریس کے مقررہ 55 سیٹوں سے کم ارکان ہونے کی وجہ سے 16 ویں اور 17 ویں لوک سبھا میں حزب اختلاف کے لیڈر کا درجہ نہیں دیا گیا۔ اگرچہ کانگریس نے لوک سبھا انتخابات سے پہلے مسٹر گاندھی کو وزیر اعظم کے امیدوار کے طور پر اعلان نہیں کیا تھا، لیکن وہ انتخابات میں پارٹی کا اہم چہرہ تھے۔ انتخابی مہم کے دوران ان کی 'بھارت جوڑو یاترا' اور 'بھارت جوڑو نیائے یاترا' اور 'آئین بچاؤ مہم' کی وجہ سے پارٹی کو اس الیکشن میں زبردست فائدہ ہوا ہے۔ رائے بریلی پارلیمانی سیٹ سے لوک سبھا کے لیے منتخب ہونے والے مسٹر گاندھی آج جب لوک سبھا میں حلف لے رہے تھے تو وہ اپنے ہاتھ میں آئین کی ایک کاپی بھی لے کر آئے تھے اور پارٹی کے کئی دیگر اراکین نے بھی ان کی پیروی کرتے ہوئے پارلیمنٹ میں حلف لینے کے دوران آئین کی کاپی ہاتھ میں رکھی۔

# *محترم اور عاجز: متاثر کن آئیکون ایوارڈ 2024-25 کا وصول کنندہ*

پٹنہ، بہار۔ یہ بے حد اعزاز اور شکر گزار ہے کہ ریاض عالم نے ناری نیتی فاؤنڈیشن کے ذریعہ 2024-25 کے متاثر کن آئیکن ایوارڈ کے وصول کنندہ کے طور پر منتخب ہونے کا اعلان کیا۔ یہ باوقار تعریف نتیش چندرا، مشہور فیشن ڈیزائنر و رن وے شو ڈائریکٹر، 30 جون 2024 کو دی اورم، اور مس اینڈ مسز گلوبل بہار 2024-25 کے رن پٹنہ میں منعقد ہونے والی ایک تقریب میں پیش کریں گے۔ یہ ایوارڈ ان اقدار اور کوششوں کے لیے ایک طاقتور ثبوت کے طور پر کام کرتا ہے جن کے لیے ریاض عالم روزانہ کوشاں ہیں۔ دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے، ریاض عالم ناری نیتی فاؤنڈیشن اور برانڈ این سی کو ان شراکتوں کو تسلیم کرنے اور منانے کے لیے تسلیم کرتے ہیں۔ ریاض عالم نے کہا، "انسپائرنگ آئیکون ایوارڈ حاصل کرنے پر مجھے بہت فخر ہے۔ یہ پہچان صرف میری نہیں ہے، بلکہ یہ ہر اس شخص کی ہے جس نے اس سفر کے دوران میرا ساتھ دیا اور ان پر یقین کیا۔" "افراد کو بااختیار بنانے اور ان کی کامیابیوں کا جشن منانے کے لیے ناری نیتی فاؤنڈیشن کی غیر متزلزل لگن واقعی قابل تعریف ہے۔" نتیش چندر کا ان کی دور اندیش قیادت اور متاثر کن افراد کی کامیابیوں کو اجاگر کرنے کے عزم کے لیے خصوصی شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ مس اینڈ مسز گلوبل بہار 2024-25 ایونٹ کے انعقاد میں ان کی کوششیں بااختیار بنانے اور پہچان کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنے میں اہم ہیں۔ یہ ایوارڈ ریاض عالم کو بااختیار بنانے اور عمدہ کارکردگی کے مشترکہ اہداف کے لیے پر جوش طریقے سے کام جاری رکھنے کی تحریک دیتا ہے۔ ریاض عالم نے مزید کہا، "آپ کی مسلسل حمایت اور حوصلہ افزائی کے لیے آپ سب کا شکریہ۔ ایک ساتھ مل کر، ہم عظمت حاصل کر سکتے ہیں۔" Inspiring Icon ایوارڈ کی تقریب ایک قابل ذکر تقریب ہونے کا وعدہ کرتی ہے، جس میں ان لوگوں کو منایا جاتا ہے جو معاشرے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور دوسروں کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی ترغیب دیتے ہیں۔* ناری نیتی فاؤنڈیشن کے بارے میں:* ناری نیتی فاؤنڈیشن افراد کو ان کی کامیابیوں اور شراکت کا جشن منا کر بااختیار بنانے کے لیے وقف ہے۔ مختلف اقدامات اور شناختوں کے ذریعے، فاؤنڈیشن کمیونٹیز کی ترقی اور حوصلہ افزائی کرنے کی کوشش کرتی ہے۔* نتیش چندر کے بارے میں:* نتیش چندر ایک مشہور فیشن ڈیزائنر اور رن وے شو ڈائریکٹر ہیں، جو فیشن انڈسٹری میں اپنی اہم شراکت کے لیے مشہور ہیں۔ مس اور مسز گلوبل بہار جیسے ایونٹس میں ان کی بصیرت انگیز قیادت نے پہچان اور بااختیار بنانے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔





# مودی اپنی خامیوں کو چھپانے کے لیے ماضی کو کھودتے رہتے ہیں: کھڑگے

نئی دہلی، 25 جون (یو این آئی) کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے نے منگل کو وزیر اعظم نریندر مودی پر حملہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ (مسٹر مودی) اپنی خامیوں کو چھپانے کے لیے ماضی کو کھودتے رہتے ہیں جب کہ گزشتہ 10 برسوں میں 140 کروڑ ہندوستانیوں کو جو غیر اعلانیہ ایمرجنسی کا جو احساس کرایا ہے، اس سے جمہوریت اور آئین کو گہرا دھچکا لگا ہے مسٹر کھڑگے نے ٹویٹر پر اپنی پوسٹ میں کہا "ملک مستقبل کی طرف دیکھ رہا ہے آپ اپنی کوتاہیوں کو چھپانے کے لیے ماضی کو کھودتے رہتے ہیں پچھلے 10 برسوں میں آپ نے 140 کروڑ ہندوستانیوں کو غیر اعلانیہ ایمرجنسی کا احساس دلایا، جس سے جمہوریت اور آئین کو گہرا دھچکا لگا ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ پارٹیوں کو توڑنا، پچھلے دروازے سے منتخب حکومتوں کو گرانا، 95 فیصد اپوزیشن لیڈروں پر ای ڈی، سی بی آئی، آئی ٹی کا غلط استعمال، یہاں تک کہ وزیر اعلی کو جیل میں ڈالنا اور انتخابات سے پہلے طاقت کا استعمال مساوی مواقع سے محروم کرنا کیا یہ ایک غیر اعلانیہ ایمرجنسی نہیں ہے؟'' سوالات کی بوچھاڑ کرتے ہوئے مسٹر کھڑگے نے کہا 'مسٹر مودی اتفاق رائے اور تعاون کی بات کرتے ہیں، لیکن ان کا عمل اس کے برعکس ہے۔ اتفاق رائے کا لفظ اس وقت کہاں تھا جب اپوزیشن کے 146 اراکین پارلیمنٹ کو پارلیمنٹ سے معطل کر دیا گیا تھا اور فوجداری نظام انصاف میں تبدیلی کے لیے تین قوانین منظور کیے گئے تھے۔



# مودی اگلے ماہ ماسکو کا دورہ کریں گے

نئی دہلی/ ماسکو، 25 جون (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی اگلے ماہ کے شروع میں روس کا دورہ کرنے والے ہیں۔ روسی میڈیا رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ مسٹر مودی ممکنہ طور پر جولائی کے شروع میں ماسکو جائیں گے جہاں وہ روسی صدر ولادیمیر پوتن سے ملاقات کریں گے۔ یہ اطلاع کریملن کے ایک اہلکار کے حوالے سے منگل کو میڈیا رپورٹس میں دی گئی۔ روسی صدر پیوٹن کے خارجہ پالیسی کے معاون یوری اوشاکوف کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ ابھی تک درست تاریخیں منظر عام پر نہیں آئی ہیں۔ دونوں فریق مشترکہ طور پر ان کا اعلان کریں گے۔ روسی خبر رساں ایجنسی اتارتاس نے ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ یہ دو روزہ دورہ ہوگا۔ مسٹر مودی کا ماسکو دورہ اس لئے بھی اہم ہے کیونکہ یہ ایک سولو سرکاری دورہ ہے۔ دونوں رہنما اس سال کے آخر میں روس کے شہر کازان میں منعقد ہونے والے برکس سربراہی اجلاس میں بھی شرکت کریں گے۔ مسٹر پوتن نے اس ماہ کے شروع میں مسٹر مودی کو فون کیا تھا اور انہیں ہندوستان کے لوک سبھا انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی زیر قیادت قومی جمہوری اتحاد (این ڈی اے) کی کامیابی پر مبارکباد دی تھی۔ مسٹر مودی نے اس سال کے شروع میں مسٹر پوٹن کو صدر کے طور پر پانچویں بار جیتنے کے بعد مبارکباد بھی دی تھی۔ اس ماہ کے شروع میں ہندوستان نے سوئٹزرلینڈ میں یوکرین سربراہی اجلاس میں ولادیمیر زیلنسکی کے امن فارمولے کے حوالے سے جاری کردہ دستاویز سے خود کو الگ کر لیا تھا، جسے روس نے مسترد کر دیا تھا۔ ہندوستان نے زور دے کر کہا کہ دونوں فریقوں کے لیے قابل قبول حل ہی یوکرین میں دیرپا امن حاصل کر سکتا ہے۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم مودی کا یہ دورہ ایسے وقت ہو رہا ہے جب روس نے ہندوستان کے ساتھ لاجسٹک پارٹنرشپ معاہدے کو منظوری دی ہے۔ دونوں فریق پچھلے کچھ سالوں سے مشترکہ فوجی تعیناتی پر بات چیت کر رہے ہیں، جو کہ بنیادی طور پر ایک باہمی لاجسٹک ایکسچینج (آر ای ایل او ایس) معاہدہ ہے۔ یہ معاہدہ روس اور ہندوستان کے فوجی فارمیشنز، جنگی جہازوں اور فوجی طیاروں کی باہمی روانگی کے طریقہ کار پر ہے۔




# لکھی سرائے سے خاتون نکسلائیٹ رانی دیوی گرفتار

لکھی سرائے، 25 جون (نمائندہ) پولیس نے بہار کے لکھی سرائے ضلع کے چنن تھانہ علاقے سے منگل کی صبح خاتون نکسلائیٹ رانی دیوی عرف رانی کوڈا کو گرفتار کر لیا۔

پولیس سپرنٹنڈنٹ پنکج کمار نے یہاں بتایا کہ اطلاع کی بنیاد پر گوبردہا کوڈاسی علاقہ میں چھاپہ ماری کی گئی۔ اس دوران خاتون نکسلائیٹ رانی دیوی عرف رانی کوڈا کو موقع سے گرفتار کیا گیا۔ رانی دیوی ضلع کے چنن تھانہ علاقے کے گوبردہا گاؤں کی رہنے والی ہے، رانی دیوی کا شوہر وشندیو کوڈا بھی ایک نکسلی ہے، جسے گرفتار کر کے جیل بھیج دیا گیا ہے۔ رانی کوڈا نکسلائٹس ارجن کوڈا اور بلیشور کوڈا کی ساتھی رہ چکی ہیں۔

پولیس سپرنٹنڈنٹ نے کہا کہ رانی دیوی کے خلاف انتہا پسندی کے کئی مقدمات درج ہیں۔ گرفتاری کی جگہ سے ایس ایل آر رائفل کے 59 کارتوس، اے کے 47 رائفل کے 99 کارتوس، ایس ایل آر رائفل کے دو میگزین، اے کے 47 رائفل کے چار میگزین، 12 بور کارتوس کے 24 پیس، الیکٹرک ڈیٹونیٹر 10 پیس، واکی ٹاک اور دیگر قابل اعتراض اشیاء برآمد ہوئیں۔ گرفتار نکسلی سے پوچھ تاچھ کی جا رہی ہے۔







